ادعونی استجب لکم اجیب دعوۃ الداع اذا دعان

مجھے پکارو تمہاری پکار کا جواب دوں گا، جواب دیتا ہوں جب پکارنے والا مجھے پکارتا ہے (قرآن)

# اللہ

# مُشکل کُشا

## جادو کا توڑ سانپ کے کاٹے کا علاج

یہ کتاب نادر عملیات و تعویذات و وظائف مجربات پر مشتمل ہے۔

مؤلف
مفتی حکیم کامل محمد اشرف امروہوی

Scanned by CamScanner

**أُدْعُوْنِیْ اَسْتَجِبْ لَکُمْ اُجِیْبُ دَعْوَةَ الدَّاعِ اِذَا دَعَانِ**

مجھے پکارو تمہاری پکار کا جواب دوں گا جواب دیتا ہوں جب پکارنے والا مجھے پکارتا ہے



# اللہ
# مشکل کشا

جادو ٹونا توڑ سانپ کے کاٹنے کا علاج

یہ کتاب نادر عملیات وتعویذات وظائف مجربات پر مشتمل ہے

لاحول

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| یا اول | یا سلام | | یاقوی | یا آخر اللہ |
| یا غنی | یارزاق | اللہ | یافتاح | یامغنی |
| | یا حافظ | | یا حفیظ | |

العلی العظیم — ولا قوة

١٨ ٦ ١١٢

**مؤلف**

مفتی حکیم عامل **محمد اشرف** امروہوی

بنگلور 084 560 کرناٹک انڈیا۔فون نمبر:5489093(080) موبائل..........

اردو کتاب گھر

# جملہ حقوق محفوظ ہیں بحق ناشر واولادہ

نسبت : اس کتاب کی نسبت ولی کامل بزرگ جنات محمد برہان الدین صاحب مدظلہ العالی کی طرف کرتا ہوں جن کی رہنمائی سے یہ کتاب آراستہ ہوئی۔

نام کتاب : ''اللہ مشکل کشا'' ''جادو کا توڑ سانپ کے کاٹے کا علاج''


مصنف کا پتہ : مفتی حکیم عامل محمد اشرف امروہوی آفس 281
E بلاک بی ڈی اے لے آؤٹ ایچ یم روڈ کراس
چرچ اسٹریٹ لنگراج پورم بنگلور 560084

فون : (080) 5489093 موبائل:



صفحات : 48

قیمت : -/20 روپے

ملنے کا پتہ : Off No. 281, E. Block. B.D.A. Layout.
H.M.Road Cross, Church Street.
Lingrajpuram. Bangalore-560084.
INDIA. Phone: (080) 5489093

طباعت : مفید گرافکس پرنٹس بنگلور

# ابتدائی تمہید

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الحمد للہ وحدہ حمداً کثیراً طیباً مبارکاً فیہ والصلوٰۃ
والسلام علیٰ من لا نبی بعدہ بعدد کل ذرۃ ونفس

# اپنی بات

تمام قسم کی تعریفیں وپاکیاں وحمد وثنائیں پاک پروردگار عالم رب العالمین کے لئے ہیں اور وہی حقیقتاً مستحق ہے اور اللہ تعالیٰ کی بے شمار رحمت کاملہ نازل ہوں اور نازل ہوتی رہیں اس کے برگزیدہ آخری نبی ورسول صلی اللہ علیہ وسلم پر حمد وصلوٰۃ کے بعد محمد اشرف امروہوی عرض کرتا ہے کہ یہ چند مختصر خصوصی عملیات اللہ تعالیٰ کی بے چین بے قرار مخلوق کے افادے کے لئے لکھا ہوں جو کہ انتہائی مفید کار آمد ہیں۔ میری یہ کتاب ''اللہ مشکل کشا'' اس سے قبل والی کتاب ''پوشیدہ خزانے'' سے بھی مخصوص ہے۔ بس اللہ تعالیٰ سے میری دعا ہے کہ رب کریم ''پوشیدہ خزانے'' کی طرح اس کتاب کو بھی قبول عام وخاص فرمائے۔

اس کتاب کے عامل کو فیض اٹھانے وفیض پہنچانے کے لئے یہ واقعہ سامنے رکھتے ہوئے کام کرنا چاہیے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی ایک لاٹھی تھی جس کے ذریعہ آپ مردوں کو زندہ کیا کرتے تھے یہ معجزہ اللہ تعالیٰ نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو عطا فرمایا تھا تو وہ لاٹھی ایک جگہ رکھی ہوئی تھی کسی چور نے چرالی اور خوش ہوا کہ اب میں بھی مردوں کو زندہ کروں گا مرے ہوئے لوگوں کے متعلقین سے زندہ کرنے کا ٹھیکہ لے لیا اور سوچا کہ اب یہی کاروبار چلے گا یہ چور اس لاٹھی کو عیسیٰ علیہ السلام کے مثل مردوں پر مارتا اور قم باذن اللہ کہتا کہ کھڑا ہو جا اللہ کے حکم سے۔ تو اس چور کے مارنے اور کہنے سے مردہ کھڑا تو کیا ہوتا بیٹھتا بھی نہیں بلکہ آنکھیں

Scanned by CamScanner

بھی نہیں کھولتا - حضرت عیسیٰ علیہ السلام تو صرف ایک مرتبہ مارتے اور کہتے تھے تو مردہ زندہ ہو جاتا تھا اور اس شخص کے بیسوں مرتبہ کہنے سے بھی زندہ نہیں ہوتا تو کسی کہنے والے نے کہا کہ لاٹھی تو عیسیٰؑ کی ہے زبان عیسیٰؑ کی کہاں سے لائے گا -؟

تو اسی طریقہ سے میرے بھائیوں اور اس کتاب سے فیض اٹھانے والوں عملیات تو بزرگان دین کے ہیں مگر زبان بھی بزرگان دین جیسی پیدا کرو تاکہ تمہارے اعمال ومحنت میں بھی وہی قوت ونورانیت وروحانیت اثر پیدا ہو عملیات کو برامت کہو بلکہ اپنی کارکردگی کی کمی کو جانو اور مانو - اس کتاب سے فیض اٹھانے والے عامل حضرات سے میں عرض کروں گا نمازوں کا خصوصی اہتمام کریں اور صدقہ اپنی طرف سے اور اپنے مریضوں کی طرف سے نکالیں - صدقہ نکالنے کا طریقہ ''پوشیدہ خزانے'' کتاب میں مطالعہ کریں - عامل حضرات پاکی صفائی کا خاص خیال رکھیں عطریات استعمال کیا کریں درود شریف کا ورد زیادہ کیا کریں - سنتوں سے محبت رکھتے ہوئے اختیار کریں بدعتوں سے نفرت رکھتے ہوئے اجتناب کریں میں بھی دعا کرتا ہوں کہ رب العالمین فیض یاب فرمائے -

**ضروری نوٹ** : جو صاحب اس کتاب کا عامل بننا چاہیں تو ان کے لئے ضروری ہے کہ پہلے عامل بننے کا طریقہ معلوم کریں اور عامل بنیں پھر فیض اٹھائیں اور فیض پہنچائیں اور اپنا نام و پتہ لکھ کر روانہ کریں تاکہ اجازت وطریقہ بتایا جائے -

مفتی حکیم محمد اشرف امروہوی مقیم حال بنگلور - 84

# صرف میاں بیوی کی محبت کے لئے تعویذ

زوجین میں محبت پیدا کرنے کے لئے
یہ دو تعویذ بسم اللہ پڑھ کر باوضو ہو کر لکھیں
ایک تعویذ زوج یا زوجہ (جو طالب ہو) اس
کے پاس رہے دوسرا تعویذ ہوا میں درخت جو
کہ بیٹھے پھل کا ہو الٹکا دیں مخصوص چیز ہے
تعویذ کی عبارت صحیح طریقہ پر پڑھ کریں

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۶۰۰۹ | ۶۰۱۳ | ۶۰۱۶ | ۶۰۰۲ |
| ۶۰۱۵ | ۶۰۰۳ | ۶۰۰۸ | ۶۰۱۴ |
| ۶۰۰۴ | ۶۰۱۸ | ۶۰۱۱ | ۶۰۰۷ |
| ۶۰۱۲ | ۶۰۰۶ | ۶۰۰۵ | ۶۰۱۷ |

الحب فلاں .................. بن فلاں......
علی حب فلاں.......... بنت فلاں.......
..........................................
..........................................
حباً شدیداً مطیعاً عاجلا

## برائے محبت جائز

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۲۵۷۴۱ | ۲۵۷۴۴ | ۲۵۷۴۷ | ۲۵۷۳۴ |
| ۲۵۷۴۶ | ۲۵۷۳۵ | ۲۵۷۴۰ | ۲۵۷۴۵ |
| ۲۵۷۳۶ | ۲۵۷۴۹ | ۲۵۷۴۲ | ۲۵۷۳۹ |
| ۲۵۷۴۳ | ۲۵۷۳۸ | ۲۵۷۳۷ | ۲۵۷۴۸ |

یہ تعویذ جائز محبت کیلئے ہے
یہ تعویذ محبت پیدا کرنے کے لئے
بہت اچھا ہے۔اس تعویذ کو زعفران سے
لکھ کر مطلوب کو ضرورت کے وقت استعمال کرنا مفید ہوگا۔انشاءاللہ الودود۔کرم اللہ کا ہو جائے گا

# رشتہ نکاح کے لئے مخصوص

رشتہ نکاح کے لئے میرا ایک عمل ہے جو مخصوص طریقہ پر عمل میں ہے اور وہ عمل صرف پیر
یا جمعہ کو ہی ہوتا ہے شدید ضرورت مند لڑکی کا نام اور لڑکی کی ماں کا نام بتا کر وہ عمل کرا سکتے ہیں
اور منگا بھی سکتے ہیں۔

محمد اشرف امروہوی

# حسب منشاء شادی کرنا

یہ نقش نوچندی پیر کے دن بوقت زوال آفتاب نقش لکھ کر گرم آگ کے چولہے میں دفن کرکے اوپر سے آگ جلائیں اور فلاں ابن فلاں کی جگہ لڑکی کے ورثاء میں جو رکاوٹ کا ذریعہ ہوں ان کے نام لکھنا ہیں۔ نقش یہ ہے

**٢٢٤٥١١١٩١٨٩ى ١١٢ك ١١١٤٤ح**

**الحب فلاں ابن فلاں علی فلاں ابن فلاں**

.......................................................................................................

# لڑکی کے وارثوں کو راضی کرنے کے لئے

اس تعویذ کو قبلہ رخ ہوکر بطہارت کامل لکھ کر معطر کرکے داہنے بازو پر باندھ لیں (جس کو رشتہ مطلوب ہو انشاء اللہ الکریم کامیابی ہوجائے گی۔

**بسم اللہ الرحمٰن الرحیم**

| | | |
|---|---|---|
| ضلال | قد | نراها |
| حبا | ل | فی |
| انا | مبین | شغفها |

الحب فلاں ابن فلاں...........

(مطلوب ومطلوبہ کے وارثوں کے نام)

علی حب فلاں ابن فلاں (طالب ومادر کے نام)

الملائکۃ المقربین وجمیع الرسل والانبیاء این

آیت کریمہ خیرمن (اپنا نام لکھیں)

بحق جمیع الملائکۃ وبحق این آیت کریمہ خیرمن

(اپنا نام لکھیں) بمقصود برساں بحق ھذا النقش

**نوٹ**: حلال کے لئے ہی کریں اور ناموں کی خانہ پری صحیح صحیح طور پر کریں یہ دونوں باتیں بہت ضروری ہیں۔

Scanned by CamScanner

# چاہت کے مطابق شادی کرنا

اللہ تعالیٰ کی مرضی کے ساتھ بندہ اس امر کی کوشش کرے کہ فلاں کے ساتھ اس کا جوڑا ورشتہ ہو جائے تو بغیر کسی رکاوٹ کے اس عمل سے شادی ہو جاتی ہے وہ یہ کہ نماز روزوں کی پابندی کے ساتھ مقلب القلوب ومسبب الاسباب سے رجوع ہوتے ہوئے میں محمد اشرف نہایت مجرب عمل پیش کر رہا ہوں لیکن حلال رشتہ ہو۔ حرام کے لئے ہرگز نہ ہو۔ اور یہ عمل شروع کرنے سے پہلے ۱۱۱ روپے اس عمل کی زکوۃ نکالے..........

عمل یہ ہے اَللّٰہ لَآاِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحَانَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ۔ اس آیت کریمہ کو قبلہ رو ہو کر وخوشبو سے معطر تنہائی میں ویک جائی میں پانچسو مرتبہ پڑھ کر ہاتھوں کو الٹا کر کے اور آپس میں ملا کر منہ کے آگے کریں اور مطلوبہ لڑکی کے رشتہ داروں کے گھر کی جانب پھونک مارے یعنی دم کرے جس کے ساتھ عقد کرنا منظور ہو۔ انشاء اللہ تعالیٰ ایک چلہ میں ورنہ زیادہ سے زیادہ دوسرے چلہ کے اندر وہ خود اس کے آگے عاجز ہو کر چاہت کریں گے اگر آپ اس عمل کو ناجائز اختیار کریں گے تو قیامت کے روز پکڑے جائیں گے۔

ضروری نوٹ: رشتہ نکاح کے لئے ایک مخصوص عمل ہے شدید ضرورمند حضرات ملیں یا لکھیں لڑکی اور لڑکی کی ماں کا نام ضرور لکھنا ہوگا۔ فضل خدا کا ہو جائے گا۔

# چاہت کے مطابق شادی کرنے کا عمل

شادی کے لئے لڑکی کے رشتہ داروں کو راضی کرنے کے لئے ہر نماز کے بعد ایک ہزار مرتبہ یَاوَدُوْدُ پڑھنا کامیابی تک پہنچاتا ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ایک چلہ کے اندر اندر مقصود پورا ہو جائے گا۔

Scanned by CamScanner

# منشاء کے مطابق شادی کرنا

یہ عمل میرا مخصوص عمل ہے کہ جو کہ بے شمار مرتبہ آزمودہ ہے منشاء کے مطابق شادی کرنے میں بہت کامیاب ہے مگر شرط یہ ہے کہ حرام کے لئے ہرگز نہ ہو ایک بادام جس کے اندر دو مغز ''گریاں'' آپس میں ملے ہوئے ہوں ان کو جدا کر کے سورت یٰسین مبین کے ساتھ پڑھ کر مع اسم مطلوب و والدہ کے دم کریں۔ اور سبز ریشمی تاگہ سے آپس میں دونوں گرہوں کو ملا کر باندھے پھر میٹھے انار کے درخت سے اس طرح باندھیں کہ ہوا سے ہلے اس عمل سے بہت جلد رشتہ ہو کر شادی ہو جاتی ہے اور یہ عمل زوجین کی محبت کے لئے بھی اچھا ہے اور آپس میں ایک دسترخوان پر بیٹھ کر کھانا کھایا کریں اور کھانا باوضو پکایا کریں جیسا کہ پوشیدہ خزانے میں ہے۔

# نافرمان اولاد کو فرماں بردار بنانے کا مجرب نقش

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۸ | ۱۱ | ۲۶۳۸۲ | ۱ |
| ۲۶۳۸۴ | ۲ | ۷ | ۱۲ |
| ۳ | ۲۶۳۸۶ | ۹ | ۶ |
| ۱۰ | ۵ | ۴ | ۲۶۳۸۵ |

یہ نقش آب زعفران سے لکھ کر بارش کے پانی سے دھو کر دودھ میں ملا کر اولاد کو بتائے بغیر ۴۱ روز تک بلاناغہ پلاتے رہیں خواہ کیسی ہی نافرمان اور سرکش اولاد ہو گی فرماں بردار ہو جائے گی یہ میرا مجرب و آزمودہ ہے۔ نقش یہ ہے۔

# تعویذ برائے محبت زوجین

یہ عمل صرف حلال کے لئے ہی استعمال کریں مخصوص عمل ہے اور مجرب ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۴۰۴ | ۴۰۷ | ۴۱۰ | ۳۹۷ |
| ۴۰۹ | ۳۹۸ | ۴۰۳ | ۴۰۸ |
| ۳۹۹ | ۴۱۲ | ۴۰۵ | ۴۰۲ |
| ۴۰۶ | ۴۰۱ | ۴۰۰ | ۴۱۱ |

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

| | | |
|---|---|---|
| ۵۳۸ | ۵۴۴ | ۵۳۶ |
| ۵۳۷ | ۵۳۹ | ۵۴۲ |
| ۵۴۳ | ۵۳۵ | ۵۴۰ |

الحب فلاں............ بن فلاں............ الحب فلاں............ بن فلاں............

علی حب فلاں............ بنت فلاں............

وقت فجر میں دوزانو بیٹھ کر کعبہ کی طرف منہ کر کے منہ میں شیریں چیز رکھ کر باوضو خوشبو کی روشنائی سے لکھیں اور خوشبو کی دھونی بھی دیں مرد کے لئے داہنے بازو پر عورت کے لئے بائیں بازو پر باندھنا ہے مطیع ہونے کے لئے مفید ہے۔

# سوکنوں کی نااتفاقی دور کرنے کے لئے

اگر شوہر اپنی بیویوں کی نااتفاقیاں ختم کرنا چاہے تو اس کے لئے پسی ہوئی شکر بورا کو کاغذ وغیرہ پر پھیلا کر پیر کے دن شہادت کلمہ والی انگلی سے یہ لکھے۔ **موسیٰ کلیم اللہ عیسیٰ روح اللہ — جبرئیل امین اللہ — عزرائیل قابض الارواح اللہ الذی خَلَقَکُمْ مِنْ نَفْسٍ وَاحِدَةٍ مِنْهَا زَوْجَهَا لِيَسْكُنَ اِلَيْهَا**

پس اس شکر کو آپس میں ملا کر پھر اسی طرح پھیلائے اور لکھے اسی طرح سات مرتبہ کریں

Scanned by CamScanner

اور اس شکر کو کسی میٹھے کھانے وغیرہ میں ملا کر دونوں ساکنوں کو کھلائیں انشاء اللہ الودود آپس میں محبت پیدا ہو جائے گی میرا مجرب واستعمال کرایا ہوا ہے۔

# جائز محبت کے لئے

جائز محبت کے لئے 11 گیارہ مرتبہ سورت مزمل عطر پر دم کر کے ضرورت مند کو استعمال کرایا جائے محبت پیدا کرنے کے لئے میرے استاذ مکرم کی خاص ہدایت ہے مگر حرام کے لئے نہ کرے کہ تباہی کا سامان ہے۔

# روپے پیسوں کے ڈبہ میں رکھنے کا تعویذ

روپے پیسوں کی تھیلی یا ڈبہ (گولک) میں برکت کے لئے رکھنے کا تعویذ چاندی کے سکہ پر باوضو ۹۹ مرتبہ یَا فَتَّاحُ یَارَزَّاقُ پڑھ کر دم کر کے اس سکہ کو روپے کی گولک میں ڈال دیں اور جب اپنی جائز ضرورت کے لئے پیسوں کی ضرورت پڑا کرے تو بسم اللہ پڑھ کر نکال لیا کریں انشاء اللہ الباسط بڑی برکت ہوگی۔

# جو بچہ مٹی کوئلہ کھاتا ہو

جو بچہ کوئلہ مٹی کھاتا ہو تو اس کے لئے یہ بہترین تعویذ ہے کہ کسی میٹھی چیز پر (مٹھائی پر) یہ کلام اللہ لکھ کر بچہ کو کھلائیں فَاصْبِرْ صَبْراً جَمِيْلًا وَاصْبِرْ نَفْسَكَ مَعَ الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ رَبَّهُمْ بِالْغَدَاةِ وَالْعَشِيِّ يُرِيْدُوْنَ وَجْهَهٗ يَا اَيُّهَاالَّذِيْنَ آمَنُوْا اصْبِرُوْا وَصَابِرُوْاوَرَابِطُوْا وَاتَّقُوْا اللهَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ضروری نوٹ چند روز تک کر کے کھلائیں اور ساتھ ساتھ میں دو تین روز تک بچہ کو آزاد چھوڑ دیا جائے اور بچہ کا پیچھا کیا جائے

لیکن دور دور رہتے ہوئے تین چار روز ایسا ہی کرتے رہے اور جب بچہ کو مٹی وغیرہ کھاتا ہوا دیکھیں فوراً سخت تنبیہہ کی جائے مسلسل تین روز ایسا ہی کرتے رہیں یہ عملی تعویذ ہے انشاء اللہ تعالیٰ کامیابی ہوگی

## مؤکلات کا عمل

اس عمل کی کثرتِ تلاوت سے اس کے مؤکل اول اول آدمی کی صورت میں آئیں گے اور جس وقت اس عمل کا پڑھنا کمال درجہ کو پہنچے گا تو وہ آ کر کہیں گے ہم اس عمل کے تابع ہیں وہ عمل یہ ہے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم یا رحمٰن کل شئی و راحمہ یا رحمن۔

**نوٹ**: اس عمل کو اختیار کرنے سے پہلے کسی ماہر استاذ کی رہنمائی و مدد ضرور اختیار کریں یہ خاص بات ہے۔ ورنہ سخت نقصان بھی اٹھا سکتے ہیں۔ لیکن ہے کامیاب عمل جو کہ مفید ہے۔

## برے جنات و دشمنوں سے حصار کے لئے

دشمن خواہ وہ انسانوں میں سے ہوں یا جناتوں میں سے ان سے حصار و حفاظت کے لئے یہ کریں کہ ایک لکڑی لے کر اس سے حصار کریں یعنی اپنے اردگرد زمین پر حلقہ بنا کر کھینچیں اور آہستہ آہستہ کھینچتے وقت آیۃ الکرسی پڑھتے جائیں حلقہ بننا ختم ہوا اور آیۃ الکرسی کی تلاوت مکمل ہوا اور آپ اس حلقہ O کے اندر رہیں انشاء اللہ المحیط ہر طرح کی حفاظت میں رہیں گے۔

## کھانا کم ہو اور کھانے والے زیادہ ہوں

کھانا تھوڑا اور کھانے والے زیادہ ہوں تو کسی میٹھی یا نمکین چیز پر چالیس مرتبہ یہ کلمات اللہ پڑھ کر دم کر کے کھانے میں ملا دیں تو انشاء اللہ الواسع خوب برکت ہوگی وہ کلمات اللہ یہ

Scanned by CamScanner

ہیں۔ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ الْغَنِیُّ الْہَادِیُ الرَّزَّاقُ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ الْکَرِیْمُ الْوَاسِعُ الْوَہَّابُ ذُوالطَّوْلِ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ الْجَوَّادُ الْمُتَفَضِّلُ وَصَلَّ اللّٰہُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ تَسْلِیْمًا کَثِیْرًا کَثِیْرًا

## غم و مصیبتوں سے نجات کے لئے

سورج کے نکلنے کی طرح مصیبتوں سے نکلنے کیلئے دعاذوالنون (آیۃ کریمہ) ازحد مفید ہے۔
فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ مجھے تعجب ہے اس شخص پر جس کو کوئی غم و پریشانی ہو اور پھر اس آیت کریمہ کو اپنا ورد نہ بنائے لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحَانَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ

## اس عمل کی ترکیبیں

اس آیت کریمہ کو سات یا گیارہ شخص بطہارت بہتر ہے کہ قبلہ رخ ہو کر بیٹھ کر پڑھیں اول آخر سات سات مرتبہ درود شریف ملالیں اور تین روز میں ایک لاکھ پچیس ہزار مرتبہ کی تعداد کو پورا کرلیں اور اپنے مقاصدہ خیر کے لئے اول آخر درود شریف ملاتے ہوئے دعا کریں۔

## درود شریف کی برکت

درود شریف کی برکت سے ہر پھیکی عبادت میٹھی ہو جاتی ہے درود شریف کی برکت سے ہر بے جان عبادت جاندار ہو جاتی ہے درود شریف کی برکت کا پانی جب آسمان سے کسی پہاڑ پر گرتا ہے تو وہ چاندی بنتا ہے اور جب کسی زمین پر گرتا ہے تو سونا بنتا ہے۔ اور جب کسی مسلمان کے دل پر گرتا ہے تو وہ ولی بنتا ہے اور جب کسی کافر کے دل پر گرتا ہے تو وہ مسلمان بنتا ہے جہاں بھی گرتا ہے وہاں خیر بنتی ہے۔

## اس عمل کی دوسری ترکیب

اس عمل کو پڑھنے والا غم و مصیبتوں کے جنجال میں پھنسا ہوا اس کو چاہیے کہ سات دن روزے رکھے ہر شک وشبہ والی چیز کھانے واستعمال کرنے سے دور رہے اور عشاء کی نماز کے بعد احرام والے کپڑے پہن کر بیٹھے اور ایک پانی کے برتن میں ہاتھ ڈال کر اکیس مرتبہ درود شریف پڑھیں پھر دعاذ والنون (آیۃ کریمہ) سو مرتبہ پڑھ کر تین مرتبہ یہ کہے اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی ذِی النُّوْنْ پھر پانی میں سے ہاتھ نکال کر آنکھیں بند کر کے اپنے منہ پر پھیرے اور یہ پڑھے وَنَجَّيْنَاهُ مِنَ الْغَمِّ وَكَذَالِكَ نُنْجِي الْمُؤْمِنِيْنَ تین مرتبہ پڑھیں۔ پھر اسی طرح شروع سے شروع کرے اور مثل اوپر کے سات تسبیح پڑھے سات روز تک اسی طرح یہ عمل کریں انشاء اللہ الواسع بہت جلد مقصد حل ہو جائے گا۔

## اس عمل کی ایک خاص ترکیب

اس عمل کی ایک خاص ترکیب جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے خواب میں بشارت شدہ ہے میں اپنی کتاب (تنہائی کے سبق) میں ذکر کیا ہوں اور اس کے علاوہ اور مزید مفید وظائف مخصوص لکھا ہوں مطالعہ فرمائیں کتاب کا نام ہے "تنہائی کے سبق" صفحہ ۸۲

اس عمل کی تاثیر وخوبیاں اس عمل میں روزے رکھنا ہے۔ روزوں سے اللہ تعالیٰ کی محبت بڑھتی ہے۔ شک وشبہ والی چیزوں کے پرہیز کرنے سے دعائیں بہت جلد قبول ہوتی ہیں۔ مستجاب الدعوات والی صفت پیدا ہو جاتی ہے۔ احرام کے کپڑے بیت اللہ شریف جانے والوں کی وردی ہے خدا کے گھر کا دیدار کرنے والوں کا لباس ہے اس لباس پر رحمان کو بہت پیار آتا ہے گویا کہ احرام کے کپڑے کفنی لباس ہے اس لباس کو پہننے والا خدا تعالیٰ سے التجا

کر رہا ہے کہ میری کوئی شان نہیں میرا لباس بھی زندوں والا نہیں مردوں والا ہے میرا حال بھی مردوں والا ہے تو میرے حال پر رحم کر دے ایک ہاتھ پانی کے تن میں ڈالنے کا اشارہ ہے کہ اے اللہ تیرا نبی یونسؑ علیہ السلام پانی میں رہ کر تجھ سے التجا کر رہا تھا میں یونسؑ تو نہیں ہوں مگر یونسؑ کی مشابہت اختیار کر رہا ہوں اس نے چار اندھیروں میں تجھ سے فریاد کی میں تجھ سے رات کے اندھیرے میں فریاد کرتا ہوں تو نے اس کی دعا قبول کی میری بھی دعا قبول کر آیتِ کریمہ یونسؑ علیہ السلام نے بھی پڑھی وہی الفاظ میں بھی پڑھتا ہوں یونسؑ کی سننے والے میری بھی سن لے یہ علی ذی النون کا مطلب تھا آگے وَنَجَّيْنَاهُ مِنَ الْغَمِّ کا مطلب ہے کہ اے اللہ تو نے وعدہ بھی کیا کہ جس طرح یونسؑ کو نجات بخشی تھی اسی طرح ہم ایمان والوں کو بخشتے ہیں نوازتے ہیں بس یونس کو بخشنے والے مجھے بھی بخش دے - اور سات دن سات روزے سات مرتبہ پڑھنا سات سات کی خوبیاں و تاثیر ہیں میری کتاب "پوشیدہ خزانے" میں مطالعہ فرمائیں - اشاروں میں بہت کچھ کہہ گیا ہوں اور اس آیۃ کریمہ کے عمل پر مستجاب الدعوات نے عہد وعدہ لیا ہے دعاء کے قبولیت کا لہذا ہر تڑپتا و بلبلاتا ہوا شخص اس عمل سے خوب فیض اٹھائے اور اس عمل کی دعا پر مجھ محمد اشرف کو بھی یاد کر لیا کریں احسان ہوگا - اللہ تعالیٰ اس عمل سے فیض حاصل کرنے والوں کو بھرپور فیض نصیب فرمائے - آمین

## طریقہ صلوٰۃ الحاجات

یہ ایک نماز ہے نماز حاجت یا صلوٰۃ الحاجات چونکہ یہ نماز بہت شدید ضرورتوں کے مواقع میں پڑھی جاتی ہے اس لئے اس کو صلوٰۃ الحاجات کہتے ہیں آثار میں اس کا ثبوت ہے اور مستقلاً بزرگان دین اولیاء اللہ کے عمل میں یہ نماز حاجات ہے - طریقہ اس نماز کے ادا کرنے کا یہ ہے کہ چار رکعت نماز کی نیت باندھیں - پہلی رکعت میں الحمد شریف کے بعد سو 100

Scanned by CamScanner

مرتبہ لَاۤ اِلٰـهَ اِلَّاۤ اَنْـتَ سُبْـحَـانَكَ اِنِّـىْ كُـنْـتُ مِنَ الظّٰـالِمِيْنَ فَـاسْتَـجَـبْـنَـا لَهٗ وَنَجَّيْنَاهُ مِنَ الْغَمِّ وَكَذَالِكَ نُنْجِي الْمُؤْمِنِيْن پڑھیں۔
دوسری رکعت میں الحمد شریف کے بعد سو مرتبہ حَسْبُـنَـا اللهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ پڑھیں۔
تیسری رکعت میں الحمد شریف کے بعد سو مرتبہ رَبِّ اِنِّـىْ مَسَّـنِـىَ الـضُّـرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الـرَّاحِمِيْنَ پڑھیں۔ چوتھی رکعت میں الحمد شریف کے بعد سو مرتبہ فَـاللهُ خَـيْـرٌ حَـافِظًا وَهُوَ اَرْحَمُ الرَّاحِمِيْنَ پڑھیں اور نماز پوری کرنے کے بعد سلام پھیر کر عاجزی و مسکینیت سے رب غور کے حضور میں التجا کریں انشاء اللہ المستجاب مقاصد حل و آسان ہوں گے۔
مجرب و آزمودہ ہے۔ اور بہتر ہے کہ نماز کے بعد سو مرتبہ یہ دعا کے الفاظ بھی پڑھیں رَبِّ اِنِّىْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ۔
اس پوری ترکیب نماز میں تمام کلمات قرآن کریم کے ہی ہیں سمجھ نہ آنے پر کسی بھی حافظ قرآن سے معلوم کر کے پڑھیں۔ مجھے میرے بزرگوں سے خاص طور پر حاصل ہوا ہے۔ جس سے ہر مسلمان فائدہ اٹھا سکتا ہے انتہائی مفید ہے۔

## مدد و نصرت کا پہاڑ

اَلْـحَـيُّ الْـقَيُّوْمُ یہ اسم اعظم ہے ہر نماز کے بعد یہ اسم اعظم جتنی زیادہ مرتبہ پڑھ سکیں ضرور پڑھیں نماز کے بعد جب بھی فرصت ملے پڑھیں اس کے پڑھنے سے ایسے فائدے حاصل ہوں گے جن کا قیاس و تصور بھی نہیں کیا جا سکتا کم سے کم اس کا پڑھنے والا زیادہ دیر تک کسی مشکل میں نہیں رہ سکتا اور اس کی ضرورت پوری ہونے میں زیادہ وقت نہیں لگے گا۔ ہر نماز کے بعد يَـا حَـيُّ يَا قَيُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِيْثُ 70 مرتبہ پڑھیں کیسا ہی کٹھن مشکل کیوں نہ ہو۔ انشاء اللہ الکریم بہت جلد حل و پوری ہو جائے گی۔ زیادہ تفصیل دیکھنی ہو تو ''پوشیدہ خزانے'' کتاب کا مطالعہ کریں۔

Scanned by CamScanner

# زیارت اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے

جمعہ کی رات میں نفل نماز دو رکعت اس طرح پڑھیں کہ فاتحہ کے بعد آیۃ الکرسی پندرہ مرتبہ اور سورت اخلاص پڑھیں نماز پوری کرلیں پاک وصاف بستر پر سونے سے پہلے دوسو مرتبہ یہ درود شریف پڑھ کر سوجائیں۔ اَللّٰھُمَّ ارْزُقْنِیْ بِرُؤْیَۃِ حَبِیْبِكَ مُحَمَّدٍ بَشِیْرًا وَّنَذِیْرًا صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمْ انشاء اللہ تعالیٰ فضل ربی ہوگا اور دیدار رسولؐ سے مالا مال ہوجائیں گے۔

# مشکل تیر کے حاجتوں کے حل کا عمل

یہ عمل انشاء اللہ الکافی حاجتوں کے حل ہونے میں کافی وافی ہے اور عمل تیز تر زود تر ہے اپنی حاجتوں کا خیال رکھتے ہوئے اللہ مشکل کشا کو ان الفاظ میں پکاریں۔ اَللّٰہُ کَافِیْ اَلْکَافِیْ اَلْکَافِیْ وَخَصَتُ الْکَافِیْ وَوَجَدتُ الْکَافِیْ بِکَافِیْ الْکَافِیْ وَکَفَانِیْ الْکَافِیْ وَنِعْمَ الْکَافِیْ وَلِلّٰہِ الْحَمْدُ

ان کلمات کو تنہائی میں قبلہ رخ بیٹھ کر باوضو (۳۰۰) تین سو مرتبہ پڑھیں اول آخر ۷-۷ مرتبہ درود شریف ملالیں انشاء اللہ اللہ الکریم کا کرم ہوجائے گا۔ مخصوص چیز ہے۔

# امتحانات میں کامیابی کے لئے

یہ دعا امتحانات میں کامیابی کے لئے پڑھنا انتہائی کامیاب ہے میرے بزرگوں واستاذوں کی راہنمائی فرمائی ہوئی قرآنی دعا ہے حضرت نوح علیہ السلام کی اضطراب (بے چینی) کے حالات میں مانگی ہوئی ہے۔ رَبِّ اِنِّیْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ یہ دعا ہر نماز کے بعد

۲۱ مرتبہ پڑھیں انشاء اللہ آپ کی محنت کا ثمرہ وبدلہ ضرور آپ کے سامنے آجائے گا۔

## جس کا دل سخت ہوجائے

جس مسلمان کا دل سخت ہو جائے اور اس کے دل سے اللہ تعالیٰ کے عذاب کا خوف گناہوں کی نحوست و برائی نکل جائے رحم دلی مخلوق پر شفقت نہ ہو اور کسی قسم کی نصیحت اثر نہ کرے بے پرواہ لاپرواہ ہو جائے تو اس کے لئے مستدرک میں ابوجعفر محمد بن علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایسے دل کا مریض کے لئے کسی پلیٹ چینی کی رکابی پر سورت یاسین شریف زعفران سے لکھ کر پلا دیا جائے انشاء اللہ الرحیم رحم وکرم اس کے دل میں اتر جائے گا اور دل کی سختی ختم ہو جائے گی۔ اگر سورت یاسین شریف لکھنا مشکل معلوم ہو تو مجھ سے طریقہ معلوم کرلیں۔ اور اس سورت یاسین شریف کی بہت سی خوبیاں وخاصیتیں ہیں کچھ خاصیتیں میری کتاب (پوشیدہ خزانے) میں تحریر ہیں جن کو زیادہ شوق ہو اس کتاب کا مطالعہ کریں۔

## چاشت و غربت کا سنگم نہیں ہوتا

چاشت کے وقت کو عربی میں ضحیٰ کہتے ہیں ضحیٰ کے وقت کی اللہ تعالیٰ نے قسم بھی کھائی ہے وَالضُّحیٰ کہہ کر اسی نام کی ایک خوبی وفضیلت یہ ہے کہ چاشت کی نماز پڑھنے والے کے پاس غربت تنگ دستی نہیں رہتی یعنی ایسا نہیں ہوگا کہ چاشت کی نماز بھی ہو اور غربت بھی یہ دونوں جمع نہیں ہو سکتے۔ چاشت کی نماز ہوگی تو غربت نہیں غربت ہوگی تو چاشت کی نماز نہیں رہے گی۔ جو کوئی چاشت کی نماز پڑھے خواہ مرد ہو یا عورت ہو مسلمان تو روایت میں ہے کہ وہ دنیا میں کسی کا محتاج نہ ہوگا اور آخرت میں دوزخ کی آگ سے نجات پائے گا اور جنت میں اس کے لئے سونے کا محل بنا دیا جائے گا اور اس کے تمام گناہ معاف کر دئے

Scanned by CamScanner

جائیں گے اگرچہ دریا کے جھاگوں کی برابر ہوں۔

## دشمنوں سے حفاظت

کوئی کتنا ہی طاقتور دشمن ہو اور اس کے وسائل ذرائع کتنے ہی زیادہ کیوں نہ ہوں لیکن اگر کوئی شخص اللہ رب العزت کو ان کلمات وصفات سے پکارے گا اور برابر پکارتا رہے گا تو اللہ تعالیٰ اسے ہر طاقت ومکروسازش دشمن سے بالکل محفوظ فرمادے گا۔ بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ يَادَائِمُ بِلَافَنَا يَاقَائِمُ بِلَا زَوَالُ وَيَاحَافِظُ بِلَايَؤُدُهُ ان کلمات کو پڑھنے والا اگر شیر کے پنجرے میں بھی ڈال دیا جائے گا تو وہ شیر بھی ذرہ برابر کوئی نقصان نہیں پہنچا سکے گا مگر شرط یہ ہے کہ مخلوق کی مدد کا خیال بھی اس کے دل میں نہ آئے کامل بھروسہ اللہ تعالیٰ پر ہی ہو کہ اللہ ہی مشکل کشا ہے۔

## جس کا کوئی بدخواہ ہو

جس کا کوئی برا چاہنے والا ہو تو وہ عاجز انسان باوضو ۱۰۰ مرتبہ اس آیت کریمہ کو پڑھا کرے انشاء اللہ تعالیٰ وہ دشمنوں کی نظروں میں عیبوں سے پاک ہو جائے گا حَسۡبِيَ اللّٰهُ وَنِعۡمَ الۡوَكِيۡلُ نِعۡمَ الۡمَوۡلٰى وَنِعۡمَ النَّصِيۡرُ

## جو شخص تدبیروں سے لاچار ہو

جو انسان تدبیروں سے لاچار ناچار ہو اور کوئی اس کا مددگار نہ ہو تو یہ آیت پڑھا کرے پابندی کے ساتھ بہت جلد راہنمائی ونصرت ملے گی اور انشاء اللہ تعالیٰ اس پر اللہ تعالیٰ کا کرم فضل ہو جائے گا۔ وَاُفَوِّضُ اَمۡرِىۡۤ اِلَى اللّٰهِ اِنَّ اللّٰهَ بَصِيۡرٌ بِالۡعِبَادِ۔

Scanned by CamScanner

## دشمنوں کو بدلہ دینا

ایک شخص نے حضرت حسن رضی اللہ عنہ سے کسی ظالم کے ظلم کرنے کی شکایت کی تو آپؓ نے فرمایا جب مغرب کی نماز پڑھ چکو تو دو رکعت نماز ادا کر کے سجدہ کرو اور سجدہ میں یہ پڑھو۔

يَاشَدِيْدَ الْقُوىٰ يَاشَدِيْدِ الْمَحَالِ يَاعَزِيْزاً ذَللتْ بِعِزَّتِكَ جَمِيْعِ خَلْقِكَ فَصَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَامُحَمَّدٍ وَعَلىٰ اٰلِهٖ وَاَكْفِنِىْ مَوْتَهٗ فَلَان..........اِبْنِ فُلَان..........بِمَاشِئْتَ......فلاں ابن فلاں کو صحیح ناموں سے پر کریں –

چنانچہ اس نے ایسا ہی کیا اور وہ ظالم اچانک مر گیا۔

**ضروری نوٹ**: یہ عمل کسی ناجائز و حرام کے لئے ہرگز نہ کیا جائے ورنہ وہ عمل کرنے والا خود بخود ہلاک ہو گا اور آخرت میں رسوا ہو گا۔

## دشمن کی زبان بندی کے لئے

اگر آپ کا دشمن آپ کے خلاف زیادہ زبان درازیاں کرتا ہو گالیاں اول فول بکتا ہو تو اس کے لئے یہ عمل کامیاب ہے کہ نیمبو کے پتہ پہلے آیت لکھیں پھر دشمن کا نام اور اس کی ماں کا نام لکھیں اور کسی پاک صاف پتھر سے پاک جگہ پر رکھ کر دبا دیں آیت یہ ہیں فَسَيَكْفِيْكَهُمُ اللّٰهُ وَهُوَالسَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ صُمٌّ بُكْمٌ عُمْىٌ فَهُمْ لَايَعْقِلُوْنُ صُمٌّ بُكْمٌ عُمْىٌ فَهُمْ لَايَنْطِقُوْنُ۔

## ظالم دشمن کو قید کرنے کے لئے

خدا کے واسطے سوچ سمجھ کر یہ عمل کریں جبکہ واقعی وہ دشمن ظالم ہو کمینہ ہو نکمہ ہو راستہ اپنے

کو بچانے کا کوئی نہ ملتا ہو تو لاچاری کی حالت میں کریں کہ ایک کاغذ پر یہ لکھیں اور لکھتے وقت غصہ کی سی حالت ہو طبیعت میں جلال والی کیفیت ہو سامنے بجھا ہوا کالا کپڑا ہو۔ منہ میں کھٹائی ترشی ہو سر کھلا ہوا ننگا ہو اور بہتر ہے کہ منگل کا دن ہو صبح دوپہر کے ۱۲ بجے ہوں تو اس وقت لکھیں اَلْیَوْمَ نَخْتِمُ عَلٰی اَفْوَاهِهِمْ وَتُكَلِّمُنَا اَيْدِيْهِمْ وَتَشْهَدُ اَرْجُلُهُمْ بِمَا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ یَاقَھَّارُ یَاذُوالنِّتِقَامِ یہ (دشمن کا نام مع ولدیت) میرا دشمن ہے ہاتھ میں ہتھکڑی زبان پر لگام پاؤں میں بیڑی لگے گلے میں طوق پڑے جلال تو صاحب کمال تو تنگ وقت ہے اس ظالم سے ظلم کا انتقام لے لکھ کر تعویذ بنا کر اصولوں کے ساتھ کھٹائی کے درخت میں لٹکا دیں کہ ہلتا رہے۔

پھر جمعرات کے دن صبح کے وقت منہ میں میٹھی شیریں چیز رکھ کر جمالی کیفیت میں خوشبو لگا کر اپنے توڑ کے لئے لکھیں یارحمٰن یا کریم میرے اپنا نام مع ولدیت لکھے۔ ہاتھ کھلیں پیر کھلیں زبان کھلے میری مشکل کو آسان کر بِحَقِ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ لکھ کر کسی میٹھے پھل کے درخت میں ہی لٹکا دیں کہ تعویذ مسلسل ہلتا رہے انشاء اللہ الوافی جو کچھ دشمنوں نے کیا کرایا ہوگا سب سے نجات مل جائے گی۔ جو بات سمجھ میں نہ آئے معلوم کر سکتے ہیں اور عامل ان عملیات سے فیض اٹھا و پہنچا سکتے ہیں۔ مگر ناجائز ہرگز ہرگز نہ کریں۔

## دشمن کی ہلاکت کے لئے

دشمن کی ہلاکت کے لئے یہ عمل اچھا ہے مگر ناجائز اختیار کرنے کا ارادہ بھی نہ کریں عمل یہ ہے کہ ۱۱۰۷ ایک سو مرتبہ یا تین سو تیرہ مرتبہ پڑھیں یَا بَدِیْعَ الْعَجَائِبِ بِالْقَهْرِ بِالْعُجْلَتِ یَا بَدِیْعُ کہہ کر دشمن اور اس کی ماں کا یا عہدہ کا نام لیویں چالیس روز کافی ہیں

ضروری نوٹ:۔ اس عمل کے ساتھ ساتھ اگر "پوشیدہ خزانے" صفحہ 104 پر جس کی سرخی

Scanned by CamScanner

ہے یہ پوری عبارت بھی (جب دشمن حد سے زیادہ دشمنی پر تل جاوے) والا عمل کیا جائے تو بھرپور کامل مقصد حل ہو۔

# جائیداد کی واپسی کے لئے کامیاب عمل

جائیداد وامانت کی واپسی کیلئے یہ عمل ہے ہر نماز کے بعد نیچے والی دعا 100 مرتبہ پڑھ کر دعا کریں انشاء اللہ تعالیٰ ۱۴ روز میں اپنے مقصد میں کامیاب ہوں گے۔ بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ يَا عَجِيۡبَ الصَّنَائِعِ فَلَا تَنۡطِقُ الۡاَلۡسِنُ بِكُلِّ الۡاٰئِهٖ يَا عَجِيۡبُ

# جائیداد کی واپسی کے لئے دوسرا عمل

ہر نماز کے بعد پانچ مرتبہ اَللّٰهُمَّ مَالِكَ الۡمُلۡكِ بِغَيۡرِ حِسَابِ تک اول آخر ۷-۷ مرتبہ درود شریف پڑھیں اللہ کے قرآن میں غور سے ان آیتوں کا ترجمہ دیکھ کر ذہن میں رکھ کر اختیار کریں۔

# مکان وغیرہ خالی کرانے کا عمل

میرے استاذ مکرم نے ارشاد فرمایا کہ اگر کسی کے مکان پر کسی نے ناجائز قبضہ کرلیا ہو تو صاحب خانہ کو چاہیے کہ یہ عمل اختیار کرے۔ عشاء کی نماز کے بعد وَاَلۡقَتۡ مَا فِيۡهَا وَتَخَلَّتۡ ۳۰۰ مرتبہ پڑھ کر اور خالی کرانے کا تصور کرتے ہوئے اس کی طرف منہ کر کے پھونک ماریں یہ عمل ۴۰ دن سے ۹۰ دن تک کریں۔ انشاء اللہ مفید ہوگا۔

Scanned by CamScanner

# ظالم دشمن کی زبان بند کرنے کے لئے

ظالم دشمن کی زبان بند کرنے کے لئے ان آیتوں کو نیمبو کے پتہ پر لکھیں اور جس ظالم دشمن کی زبان بند کرنی ہو اس کا نام اور ماں کا نام لکھ کر تعویذ بنا کر کسی کڑوے پرانے درخت پر باندھ دیں کہ وہ تعویذ ہلتا رہے۔ دشمن مخالف ظالم کی زبان بند ہونے کے لئے کار آمد ہے وہ آیتیں یہ ہیں یَوْمَئِذٍ یَّتَّبِعُوْنَ الدَّاعِیَ لَا عِوَجَ لَهٗ وَخَشَعَتِ الْاَصْوَاتُ لِلرَّحْمٰنِ فَلَا تَسْمَعُ اِلَّا هَمْسًا یَوْمَئِذٍ لَّا تَنْفَعُ الشَّفَاعَةُ اِلَّا مَنْ اَذِنَ لَهُ الرَّحْمٰنُ وَرَضِیَ لَهٗ قَوْلًا وَعَنَتِ الْوُجُوْهُ لِلْحَیِّ الْقَیُّوْمِ وَقَدْ خَابَ مَنْ حَمَلَ ظُلْمًا

**ضروری نوٹ** : اس عمل کو ناجائز اختیار نہ کریں اور مزید اور عملیات دیکھنا ہے تو "پوشیدہ خزانے" کتاب کا مطالعہ کریں۔

# ناجائز محبت کو ختم کرنے کے لئے

ناجائز محبت کو ختم کرنے کے لئے یہ عمل کریں کہ جس سے محبت کاٹنا ہے اس کے پاؤں کے نیچے کی مٹی اور کچھ بال یا ناخون لیویں اور یہ نقش نیمبو کے پتہ پر لکھ کر کسی ڈبیہ میں بند کر کے کافروں کے قبرستان میں قبر کے قریب دفن کر دیں مفید پائیں گے انشاء اللہ تعالیٰ۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۱۲ | ۱۱۵ | ۱۱۸ | ۱۰۵ |
| ۱۱۷ | ۱۰۶ | ۱۱۱ | ۱۱۶ |
| ۱۰۷ | ۱۲۰ | ۱۱۳ | ۱۱۰ |
| ۱۱۴ | ۱۰۹ | ۱۰۸ | ۱۱۹ |

(فلاں ابن فلاں علی البغض فلاں بنت فلاں)

Scanned by CamScanner

## اگر چلتی ہوئی دکان کارخانہ رک جائے

اگر کوئی دکان یا کارخانہ اچھا چل رہا تھا خوب بکری وترقی تھی یک دم اچانک ترقی وروزگار بند ہوجائے تو اس بندش کو توڑنے کے لئے ایک مخصوص عمل ہے یا کسی کی طبیعت بالکل اچھی تھی اچانک وہ پاگل دیوانہ ہوگیا ہو تو اس کے اثرات کو ختم کرنے کے لئے فوری طور پر لکھیں یا ملیں انشاءاللہ الکافی فضل ربی ہوجائے گا۔

## نقش برہانی

نقش برہانی یہ ایک بہترین نقش ہے جو ایک بہت بڑے ولی کامل جناتوں کے بادشاہ حضرت علامہ سید محمد برہان الدین قادری مدظلہم جن کی عمر شریف (۷۰۰) سات سو سال سے زیادہ ہے وہ نقش ان کا عنایت کیا ہوا ہے حضرت والا نے مجھے خود دیا ہے یہ حضرت والا میرے ہمدرد و ہمدم ہیں یہ (نقش برہانی) مکان دکان وغیرہ کی برکت کے لئے اور خبیث جن وشیاطین سے حفاظت کے لئے بہت خوب ہے حضرت والا نے مجھے اس کے دینے و فیض اٹھانے کے لئے اجازت دی ہے۔ ضرورت مند حضرات اس نقش کو حاصل کرنے کے لئے اس پتہ پر تشریف لائیں۔ ہدیہ گیارہ روپے۔11 روپے مفتی محمد اشرف امروہوی

Off No.281.E.Block.B.D.A.Layout. H.M.Road Cross, Church Street, Lingarajpuram, Bangalore-560 084 INDIA. Ph: (080) 5489093

وقت ملاقات صبح 9 سے 1 بجے تک

روزانہ شام 5 سے 8 بجے تک

**ضروری نوٹ** :جمعہ کو چھٹی رہتی ہے۔ ہمیشہ فون یا اجازت پہلے لے کر آئیں اور وقت مقررہ پر ہی آئیں۔

Scanned by CamScanner

# دکان کی ترقی کے لئے بہترین نقش

اس نقش کو کسی نیک متقی شخصیت سے لکھوا کر دکان میں یا کاروبار کی جگہ لگوائیں میرا استعمال شدہ وآزمودہ ہے نیچے والی عبارت بھی لکھنی ہے۔

بسم اللہ الرحمان الرحیم

ذالك فضل الله يؤتيه من يشاء والله

ذو الفضل العظيم ان الفضل

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۳۰۸۰ | ۳۰۸۴ | ۳۰۸۷ | ۳۰۷۳ |
| ۳۰۸۶ | ۳۰۷۴ | ۳۰۷۹ | ۳۰۸۵ |
| ۳۰۷۵ | ۳۰۸۹ | ۳۰۸۲ | ۳۰۷۸ |
| ۳۰۸۳ | ۳۰۷۷ | ۳۰۷۶ | ۳۰۸۸ |

يَا وَهَّابُ هَبْلِيْ مِنْ نِعْمَةِ الدُّنْيَا وَالآخِرَةِ اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللهِ التَّامَّاتِ مِنْ غَضَبِهِ وَعِقَابِهِ وَشَرِّ عِبَادِهِ وَمِنْ هَمَزَاتِ الشَّيَاطِيْنِ وَاَنْ يَحْضُرُوْنَ اللهِ شَافِيْ اَللهُ كَافِيْ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ اور دکان وکاروبار کی ترقی کے لئے کاروبار کی جگہ روزانہ سورت یٰسین شریف اس طریقہ سے پڑھیں جو طریقہ ''پوشیدہ خزانے'' صفحہ ۱۴۶ پر لکھا ہے یہ بڑی خوبی کا طریقہ ہے۔

## دکان کھولتے وقت یہ دعا پڑھیں

دکان کھولتے وقت یا دکان کارخانہ کے لئے سامان خریدتے وقت یا نیا کام تجارت شروع کرتے وقت یہ دعا ضرور پڑھیں۔ ہر طرح کی خیر و برکت فلاح و کامرانی انشاء اللہ

Scanned by CamScanner

الباسط حاصل ہوگی دعا یہ ہے۔ اَللّٰھُمَّ افْتَحْ لَنَا بِالْخَیْرِ وَاخْتِمْ لَنَا بِالْخَیْرِ وَاجْعَلْ عَوَاقِبَ اُمُوْرِنَا بِالْخَیْرِ بِیَدِكَ الْخَیْرِ اِنَّكَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ۔ یَافَتَّاحَ الْخَیْرِ مَعَ الْبَرَكَةِ وَالسَّلَامَةِ

## خبیث شیاطین کے حملے سے بچنے کا کامیاب علاج

جس مسلمان شخص کے بدن پر خبیث شیاطین و جنات حملے کرتے ہوں اور کوئی راستہ و تدبیر سمجھ میں نہ آ رہی ہو تو اس مجنون شخص کو چاہیے کہ قرآن کریم کی وہ آیتیں جن میں توحید باری تعالیٰ کا ذکر ہو کثرت سے پڑھے مثل سورت حشر کی آخیر کی تین آیتوں کے اور وہ آیتیں جن میں اسم اعظم ہے۔ کیونکہ وہ ذکر کرنے سے ذاکر کا بدن شیاطین کے لئے جیل وقید خانہ کے ہو جاتا ہے اور جیل وقید خانہ میں کون رہنا چاہتا ہے اور بہتر ہے کہ ذکر جلی ہو تاکہ مکمل اور خوب فیض حاصل ہو مجرب ہے اور مستند ہے۔

## جنات و آسیب کو حاضر کرنے کا عمل

بعض لوگوں پر روحانی اثر ہوتا ہے اور حاضر کرنے کی ضرورت پڑتی ہے تو ضرورت پڑنے پر آپ اس عمل سے بھرپور فائدہ اٹھا سکتے ہیں لیجیئے وہ عمل جس کے خاطر دنیا کے عاملین پریشان و حیران ہیں پیش خدمت ہے مریض کے سامنے بیٹھ کر اسے تین مرتبہ پڑھیں دنیا کے کسی بھی کونے میں ہو اس کا جن و آسیب ہوگا فوراً حاضر ہوگا وہ عمل یہ ہے

عَزَمْتُ عَلَیْكُمْ یَا مَعْشَرَ الْجِنِّ وَالْاَرْوَاحِ بِحَقِّ حَضْرَتْ سُلَیْمَانِ ابْنِ دَاؤُدَ عَلَیْهِمَا السَّلَامْ اُحْضُرُوْا اُحْضُرُوْا اُحْضُرُوْا وَحَاضِرْشُو بِحَقِّ یَاحَیُّ یَا قَیُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ یَااَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ

Scanned by CamScanner


**نوٹ:** اس عمل کو کرتے وقت اپنے گرد دائرہ کھینچ لیں۔

# شیاطین وخبیث جنات کو گھر سے نکالنے کا عمل

روایت میں ہے جس مقام پر سورت بقرہ پڑھی جاتی ہے وہاں سے شیاطین بھاگ جاتے ہیں اس کو پڑھو برکت ہوگی ورنہ حسرت ہوگی پڑھنے کا طریقہ اس طرح اختیار کریں کہ چالیس یوم تک پابندی سے اور اتنی آواز سے پڑھیں کہ پورے گھر میں آواز پہنچے بہتر ہے کہ شام کو سورج چھپنے کے بعد پڑھی جائے یعنی مغرب یا عشا کے بعد۔

# دورے پڑنے پر کامیابی کا تعویذ

یہ تعویذ دورے پڑنے پر آزمودہ ہے جو کہ انتہائی مفید ثابت ہوا ہے اس تعویذ کو زعفران سے لکھ کر دورہ کے مریض کو روزانہ ایک مرتبہ پلانا ہے اکیس روز یا چالیس دن تک انشاءاللہ الشافی شفاء نصیب ہوگی میرا مجرب ہے جو کہ انتہائی کامیاب ہے نقش یہ ہے



**نوٹ** :اس نقش کی خوبیاں لکھنا فضول بے کار ہے ضرورت پر اختیار کریں کوئی بات سمجھ میں نہ آئے تو معلوم کر سکتے ہیں۔

محمد اشرف امروہوی بنگلور-۸۴-فون ۵۴۸۹۰۹۳(۰۸۰)

# خبیث جنات وشیطانوں کا مکان وغیرہ پر قبضہ کر لینا

بعض مکانوں وجگاہوں جو کہ انسانوں سکونت کی ہوتی ہیں خبیث جنات وشیاطین قبضہ کر لیتے ہیں اور لوگوں کو پریشان کرتے ہیں تو ان سے قبضہ چھڑانے کے لئے یہ عمل کریں کہ چاروں کونوں پر نیمبو جس پر **آیۃ الکرسی** تحریر کی جائے لٹکا دئے جائیں اور گھر کے چاروں کونوں میں کھڑے ہو کر چار شخص دو پہر کے بارہ بجے بیک وقت اذان دیویں ایکمرتبہ مسلسل سات یوم تک کریں۔انشاء اللہ الجبار فضل ربی ہو جائے گا۔میرا آزمودہ ہے جو کہ صحیح ہے مفید ہے۔

# عمل کیمیائے مشائخ

یہ عمل کیمیائے مشائخ کے نام سے جانا جاتا ہے اور اس عمل کرنے والے کو قرض کے بوجھوں سے گناہوں سے چھٹکارہ ملتا ہے اور اس عمل کا کرنے والا خدائے تعالیٰ کے سوا کسی کا محتاج نہیں رہتا ہے۔عمل یہ ہے کہ جمعہ کی نماز کے بعد قبلہ رخ ہو کر بالکل تشہد کی سی حالت میں ہو کر سات مرتبہ فاتحہ اور قل ہو اللہ والی سورت سات مرتبہ فلق اور ناس سات سات مرتبہ پڑھیں اور اس دعا کو بھی سات مرتبہ پڑھیں۔**اَللّٰھُمَّ یَا اَللّٰہُ یَاغَنِیُّ یَا حَمِیْدُ یَا مُبْدِئُ یَا مُعِیْدُ یَا رَحِیْمُ یَاوَدُوْدُ اَغْنِنِیْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ وَبِطَاعَتِكَ عَنْ مَعْصِيَتِكَ وَبِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ**

# قرض کی واپسی کے لئے عمل

اگر آپ واقعی قرضدار ہیں تو اتباع شریعت کے ساتھ چالیس روز تک صبح کی سنتوں وفرضوں کے درمیان وقت میں سورت یاسین شریف مبینوں کے ساتھ پڑھیں کامیابی ہوگی۔ مذکورہ یٰسن شریف پڑھنے کا طریقہ ''پوشیدہ خزانے'' صفحہ ۱۴۶ پر دیکھیں۔

# قرض کی واپسی کے لئے انوکھا عمل

قرض کی واپسی کے لئے یہ بڑا عجیب عمل ہے کر کے فائدہ اٹھائیں اور عمل کرنے سے پہلے اپنا قرض جس سے لینا ہے اس کو متنبہ کر دیں۔

عمل یہ ہے پہلے اکیس دن بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اَبْرَصَا صَبْرَصَا صَارَصَا يَاصَارَصَنْ يَابُدُوْحُ سو مرتبہ پابندی سے تنہائی میں پڑھیں تا کہ آپ کے عمل میں قوت آ جائے اس کے بعد نیم کے درخت کی لکڑی ایک ہاتھ برابر کی لے کر اپنے پاس رکھیں اور تنہائی میں بیٹھ کر اپنے مخالف جو قرض واپس نہیں دیتا اس کی تصویر زمین پر بناؤ پھر مذکورہ بالا عمل سو مرتبہ پڑھ کر مخالف کے نام کے ساتھ نیم والی لکڑی پر دم کر کے دونوں ہاتھوں سے پکڑ لیں اور زور زور سے تصویر پر ماریں یعنی پٹائی کریں۔ اتنا ماریں کہ تصویر مٹ جائے سات روز اس عمل کو کریں بعدہ پھر مخالف قرض دار کے پاس جاؤ اور اس سے اپنا حق مانگو اگر دے دے تو اچھا نہ دے تو پھر یہی عمل کرو بس اسی طرح 5 ہفتہ تک کریں کامیابی ہی کامیابی ہوگی۔ انشاءاللہ تعالیٰ۔

# قرض یا غصب کا مال واپسی کے لئے

روزانہ صبح کی نماز کے بعد حقداروں کے پاس سامنے جا کر کٓھٰیٰعٓصٓ ایک ایک حرف

پڑھ کر چھوٹی انگلی سے شروع کریں اور ہر حرف پر ایک ایک انگلی بند کرتے جائیں پھر حٓمٓ عٓسٓقٓ پر حرف الگ الگ کہتے ہوئے ایک ایک حرف پر انگلی کھولتے جائیں کھولنے کے بعد انہیں سلام کریں اور اپنا حق طلب کریں۔ کرم اللہ کا ہو جائے گا۔

## قرض کی ادائیگی کے لئے انتہائی کامیاب عمل

اَللّٰھُمَّ مَالِكَ الْمُلْكِ بِغَیْرِ حِسَابُ تک دو آیتیں ہیں۔ قرض کی ادائیگی کے لئے انتہائی مفید ہے اور انتہائی مجرب آزمودہ ہے قرض کے بوجھوں میں دبنے والے حضرات زہر کھا کر یا خودکشی کر کے نہ مریں بلکہ یہ عمل میرے کہنے پر ضرور اختیار کریں پڑھنے کا طریقہ یہ ہے کہ مذکورہ دو آیتیں ہر نماز کے بعد سات مرتبہ اور اول آخر تین تین مرتبہ درود شریف پڑھیں یقین کریں کہ چالیس دن کے اندر اندر حالات اچھے ہوتے آئیں گے اور اللہ تعالیٰ سے اس طرح دعا کریں کہ اے اللہ تو سچا ہے تیرا کلام سچا ہے تیرے سوا کوئی مشکل کشا حاجت روا نہیں تو میرا خالق مالک ہے میں تیرا بندہ عاجز ہوں تو میرا قرض ادا کرے اور کشادہ حلال روزی دے۔ اور میرے گناہوں کو معاف فرما دے۔

## قرضوں کے بوجھ سے جس کی راحت کا جنازہ نکل جائے

وہ شخص جس کو قرضوں نے دبا کر اس کی راحتوں کو فنا کر دیا ہو یا فقر و فاقہ سے کلیجہ منہ کو آنے لگے تو اس کو چاہیے ان کلمات کی تسبیح بصدق دل رطب اللسان کرلے غیب سے آسانیوں و کشادگی کے دروازے کھل جائیں گے۔ یَا مُسَبِّبُ الْاَسْبَابَ یَا مُفَتِّحَ الْاَبْوَابُ یَا سَامِعَ الْاَصْوَاتُ یَا مُجِیْبُ الدَّعْوَاتُ یَا قَاضِیَ الْحَاجَاتُ اَکْفِنِیْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ وَاَغْنِنِیْ بِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ اس دعا کے الفاظ کسی اچھے

Scanned by CamScanner

عالم سے صحیح کر کے پڑھیں انشاء اللہ الرزاق بہت جلد مدد حاصل ہوگی۔

## ظالم حاکموں کے ظلم سے بچنے کے لئے

ظالم حاکم اپنے ماتحتوں پر اگر ظلم کرتے ہوں اور ماتحتوں کو ان کے ظلم سے بچنے کا راستہ نہ ملتا ہو تو ماتحتوں کو چاہیے کہ کبوتر کے پروں پر یہ نقش لکھ کر داہنے بازو پر باندھیں۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ہ ح + ی ص + ر ل

ہ ا ن + و ق + ہ ح

**یا مسخر السموات السبع والارضین السبع سخر قلب فلاں ..........**


(نام ظالم حاکم کا اور ماں کا نام لکھیں) بحق فلاں..........

یہاں پر خود ماتحت جس پر ظلم کیا جارہا ہے اس کا نام اور ماں کا نام لکھیں انشاء اللہ الرحیم رحم و کرم کا فیصلہ ہوگا۔

## ناف کے ٹلنے پر تعویذ

**بسم الرحمٰن الرحیم**

**ذالك تخفيف من ربكم ورحمة الان خَفَّفَ الله عنكم وعلم ان فيكم ضعفاً**



مریض کی ناف پر یہ تعویذ لکھ کر باندھیں۔

Scanned by CamScanner

یہ نسخہ ناف کے لئے مفید ہے۔

گوند سنبھل اور شکر ہموزن کا سفوف بنا کر ایک تولہ روزانہ دودھ کے ساتھ ۲ یا تین ہفتہ استعمال کریں۔

## اگر کسی عورت کی شہوت زیادہ بھڑکے

اگر کسی عورت کی شہوت بہت زیادہ بھڑکے کہ وہ غیروں کی طرف رجوع ہونے لگے تو اس کی شہوت اس عمل سے باندھ دیں عمل یہ ہے کہ نوچندی اتوار کو کچھ چاولوں کے دانے ہلدی میں رنگ کر شرمیلی بوٹی کے پودوں پر ڈال آئیں اور بوٹی کو مخاطب کر کے یہ کہیں کہ میں فلاں کام کے لئے آیا ہوں اور دوبارہ آؤں گا۔ یہ کہہ کر واپس گھر آ جاؤ ساعت شمس گزرنے کے بعد دوبارہ اس جگہ جا کر کچھ پتے شرمیلی بوٹی کے توڑو اور بیوی سے مباشرت کرو اور ان پتوں کو ہاتھ میں مل کر بیوی کی بائیں ران کی جڑ پر مل دو اور بغیر آواز کے کہو میں نے تجھے اپنے علاوہ اوروں کے لئے باندھ دیا ہے۔ بفضلِ قدیر پھر دوسرا شخص اس عورت پر قادر نہ ہو سکے گا۔ انشاءاللہ القدیر

## اگر کسی عورت کا شوہر زنا کا عادی ہو

اگر کسی خاتون کا شوہر زنا کا عادی وراغب ہو تو خاتون کو چاہیے کہ زنا کی عادت چھڑانے کے لئے یہ تعویذ اپنے پاس رکھے انشاء اللہ الکریم اس کا شوہر زنا سے نفرت کرنے والا ہو جائے گا۔ **عقدت سمعه وبصره ونكره وقلبه وعقله لايقوم الا فى الحلال بحق هذا الاسماء الجليل السميع والبصير واللطيف والحفيظ والرقيب والشهيد والقوى والولى والمحصى والحى والقيوم والهادى والقدير ١١٦ ١١٥٥٤١١ ٧١٧١ ٧١٧١ح ٧ع ٢٦٨ احفظوا يا خدام هذه**

الاسماء بعقد ذکر (...... یہاں پر شوہر کا اور ماں کا نام لکھنا ہے) عن الحرام والزناء

**ضروری نوٹ**: مذکورہ عمل ناجائز عشق و محبت ختم کرنے کے لئے بھی مفید ہے۔
ضرورت پڑنے پر مجھ سے بھی خدمات لے سکتے ہیں۔ میرا استعمال کرایا ہوا مجرب مفید ہے

# عورت کے بانجھ پن کو دور کرنے کے لئے

عورت کے بانجھ پن دور کرنے کے لئے یہ عمل اس کتاب کا عامل اختیار کرائے انشاء اللہ الخالق بانجھ پن ختم ہو جائے گا عرق گلاب وزعفران سے سفید کاغذ پر یہ آیت قرآنی لکھیں اور تعویذ بنا کر عورت کے گلے میں اس طرح ڈال دیا جائے کہ تعویذ پیٹ رحم کے اوپر پڑا رہے۔

**بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ولوان قرآناً سیرت به الجبال اوقطعت به الارض اوکلم به الموتیٰ بل اللہ الامر جمیعاً وربك یخلق مایشاء ویختار**

# ولادت کی آسانی کے لئے مجرب عمل

ولادت کی تکلیف کو آسانی کرنے کے لئے یہ عمل مجرب ہے اور روایت ہے کہ عبداللہ جو بیٹے ہیں امام احمد ابن حنبلؒ کے وہ فرماتے ہیں کہ جب کسی عورت کو ولادت کی تکلیف ہوتی تو اس کی آسانی کے لئے میرے والد محترم کسی سفید پاک کپڑے پر یہ استعمال کراتے تھے **لاالٰہ اللہ الحلیم الکریم سبحان اللہ رب العرش العظیم الحمدللہ رب العالمین کانهم یوم یرون مایوعدون لم یلبثوا الا عشیة اوضحها**

# ولادت کی آسانی کے لئے کامیاب

حضرت خلالؒ فرماتے ہیں کہ ہم کو ابو بکر مروزیؒ نے بتایا کہ حضرت امام احمد ابن حنبلؒ کے پاس ایک صاحب آئے اور کہا عورت پر ولادت کی سختی زیادہ ہے کچھ لکھ کر دیجئے تو انہوں نے زعفران کی روشنائی سے لکھا حضرت خلالؒ فرماتے ہیں میں نے بھی بہت سو کے لئے لکھا اور شیخ فرماتے ہیں کہ بہت سے بزرگوں سے یہ عمل ملا ہے اور جس عورت کے لئے میں نے لکھا ہے اس کو ضرور اسی دم فیض (فائدہ) ہوا ہے وہ عمل یہ ہے کہ ایک پیالے میں لکھا جائے

**اخرج ایها الولد من بطن ضیق الی سعة هذا الدنیا اخرج بقدرة الذی جعلك فی قرار مکین الی قدر معلوم لوانزلنا هذا القرآن علی جبل لرأیته (آخیر سورت تك لکھیں) وننزل من القرآن ماهو شفاء ورحمة للمؤمنین –**

ضروری نوٹ: ان آیتوں وکلموں کو زعفران سے لکھیں۔ضرورت پڑنے پر عورت کو پلا دیں۔

ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ ایک عورت بچہ کی ولادت کی تکلیف میں مبتلا تھی تو آپؓ نے فرمایا کہ اس کو قرآن کریم کی آیتیں لکھ گھول کر پلایا جائے اوپر مذکورہ آیات سے بھی تائید ہوتی ہے۔

**یَاشَدِیْدِالْمُحَالِ یَا عَزِیْزِذَلَّلْتُ بِعِزَّتِكَ جَمِیْعِ خَلْقِكَ فَصَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَعَلٰی اٰلِهٖ وَاَکْفِنِیْ مَوْتِهِ فلان......ابن فلان ......بما شئت–**

چنانچہ اس نے ایسا ہی کیا اور وہ ظالم اچانک مرگیا۔

**ضروری نوٹ :** کوئی عمل کسی کے لئے ناجائز ہرگز نہ کریں۔ورنہ خود کی بربادی ہی ہوگی۔

Scanned by CamScanner

# خوفناک وحشت ناک مقام کیلئے حفاظت کا عمل

جب کوئی خوفناک پریشان کن حالات سے دوچار ہو مثلاً مقدمہ بازی ہو یا کسی ظالم حاکم کے روبرو جانے کی مجبوری ہو یا کسی دشمن کا خوف ہو یا کسی بھی مشکل میں جکڑ جائے تو ایسے حالات میں اس دعا کی کثرت کرے اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَجْعَلُكَ فِیْ نُحُوْرِهِمْ وَنَعُوْذُبِكَ مِنْ شُرُوْرِهِمْ حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِیْلِ اور سورت نصر چلتے پھرتے پڑھا کرے انشاءاللہ الوکیل ہر برائی سے حفاظت میں رہے گا۔

# حفاظت کے لئے بہترین کلمات

حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِیْلِ نِعْمَ الْمَوْلٰی وَنِعْمَ النَّصِیْرِ عَلَیْهِ تَوَكَّلْتُ وَاِلَیْهِ اُنِیْبُ اُفَوِّضُ اَمْرِیْ اِلَی اللّٰهِ اس دعا کو اکثر وقتوں میں اکثر پڑھیں ہر طرح کی حفاظت کا بہترین سامان ہے اور ہر خوف وشر کے موقع پر خوب فائدہ اٹھانے کی دعا ہے۔

# سانپ کے کاٹے وڈسنے کی جھاڑ

ہم نے اپنی پہلی کتاب "پوشیدہ خزانے" کے صفحہ 81 پر یہ مضمون لکھا کہ سانپ واژدہے کے کاٹے کا فوری علاج اس متعلق کچھ مفید معلومات عرض کرتا ہوں وہ یہ کہ محققین نے سانپوں کی سولہ سو (1600) قسمیں بتائی ہیں اور ان سب کی پانچ قسم کی زندگی ہے (۱) زمین کے نیچے رہنے والے سانپ۔ جو زمین کے اوپر بہت کم آتے ہیں ان کے جسم گول چمکیلے منہ چھوٹا دانت بہت کم آنکھیں چھوٹی ہوتی ہیں ان کا کھانا کیڑے مکوڑے ہوتا ہے (۲) وہ سانپ ہیں جو زیادہ تر زمین کے اوپر رہتے ہیں اس کا جسم اور بہت چمکتا ہوا یہ سانپ

زہریلے ہوتے ہیں (۳) وہ سانپ جو زیادہ تر درختوں وجھاڑیوں پر رہتے ہیں اور زمین پر بہت کم اترتے ہیں ان کا جسم چپٹا اور کمزور ہوتا ہے ٹہنیوں وشاخوں پر آسانی سے چڑھتے ہیں اور وہیں زندگی بسر کرتے ہیں ان کی آنکھیں بڑی بڑی اور جسم کا رنگ بہت خوشنما ہوتا ہے ان کی غذا پرندے جو درختوں پر رہتے ہیں ان سانپوں میں کچھ زہریلے زیادہ ہوتے ہیں اور کچھ کم زہریلے ہوتے ہیں (۴) وہ سانپ ہیں جو جھیلوں ودریاؤں پانی میں رہتے ہیں ان کا جسم گول سروآنکھیں چھوٹی چھوٹی ہوتی ہیں ان کی غذا مینڈک اور مچھلیاں ہوتی ہیں یہ سانپ انڈوں کے بجائے بچے دیتے ہیں اور زہریلے کم ہوتے ہیں۔(۵) وہ سانپ ہیں کہ ان کی دم چوڑی چپٹی ہوتی ہے بچے دیتے ہیں اور زہریلے ہوتے ہیں ان کی آنکھیں چھوٹی اور پتلیاں گول ہوتی ہیں یہ سانپ بہت ڈرپوک کمزور دل ہوتا ہے اور خطرہ لگتے ہی بھاگ جاتا ہے اس کا قد ۸ سے ۱۲ فٹ ہوتا ہے زہریلے سانپ کا ڈسا ہوا آدھے گھنٹے میں مرجاتا ہے لیکن اگر چار (۴) پانچ (۵) گھنٹہ تک زندہ رہے تو پھر زندگی کی امید ہوجاتی ہے۔کم زہریلے سانپ کا ڈسا ہوا۔۲۴ گھنٹے میں مرجاتا ہے اور اگر یہ اس سے زیادہ زندہ رہ جائے تو زندگی کی امید ہوجاتی ہے۔پھن دار سانپ نہایت خوفناک طاقت ور اور زہریلا ہوتا ہے اور پھن پھیلا کر مقابلہ کے لئے کھڑا ہوجاتا ہے اور مستی میں آکر جھومتا ہے۔اس کا زہر نہایت تیز ہوتا ہے اور جس کو ڈستا ہے فوراً بے ہوش ہوجاتا ہے۔پھن دار سانپ کی گردن پر ایک خط (......) بھی پایا جاتا ہے یہ (......) لکیر کسی کے ایک ہوتی ہے کسی کے دو کسی کے تین ان لکیروں سے بھی ان کے زہر کا پتہ چل جاتا ہے ایک لکیر والا سانپ جس کو کاٹتا ہے وہ شخص ایک گھنٹہ میں مرجاتا ہے دو لکیر والے کے کاٹنے سے دو گھنٹے تین لکیر والے کے کاٹنے سے تین گھنٹے میں مرجاتا ہے۔

ہمارے ہندوستان میں پھن دار سانپ کے بعد ''کرنڈیا'' نہایت ظالم اور شدید زہریلا

جانا جاتا ہے اس کا زہر اس قدر زیادہ تیز ہوتا ہے کہ اس کے کاٹنے سے فوراً آدمی ہلاک ہو جاتا ہے اور یہ سانپ قد میں چھوٹا ہوتا ہے اور اچھل کر کاٹتا ہے اگر مکھی یا کوئی جانور پاس سے اڑ کر جائے تو بھی کاٹنے کے لئے اچھلتا ہے یہاں تک کہ ہوا کے جھونکے کو بھی کاٹنے کے لئے اچھلتا ہے اس کے ڈسنے سے آدھا بدن نیلا پڑ جاتا ہے اور بعض لوگوں کے منہ اور ناک سے خون بھی نکلنے لگتا ہے اور بعض لوگوں کا گوشت بدن سے الگ ہونے لگتا ہے۔

''سنکھ چور'' یہ بھی ایک بہت بڑا ظالم سانپ ہے اس کا بدن کالا اور اس پر گول گول نشان ہوتے ہیں یہ سانپ ہر ایک پر حملہ نہیں کرتا لیکن جب کاٹ لے تو اس کا کاٹا ہوا لا علاج ہوتا ہے اور اس کے کاٹنے سے آدمی کا گلا گھٹنے لگتا ہے اور اسی حالت میں مر جاتا ہے۔

**ضروری نوٹ**: یہ تمام تفصیل جو میں نے بیان کی اس کے آثار دیکھ کر علاج کرانے و زہر نکلوانے میں جلد سے جلد جلدی کرنی چاہیے اور ادویات کے علاج کے ساتھ ساتھ ایک نایاب مفید عمل جو کہ مجرب آزمودہ بھی ہے تحریر کرتا ہوں اور اس کا ذکر میں نے اپنی کتاب ''پوشیدہ خزانے'' میں بھی کیا ہے لیکن عملی اجازت نہ ہونے کی وجہ سے نہیں لکھ سکا تھا اجازت ہونے کے بعد مخلوق خدا کے سامنے عرض و پیش خدمت ہے عمل و علاج کے چند شرائط پوشیدہ خزانے میں ہی ہیں یہاں پر صرف عمل لکھتا ہوں یہ عمل رمضان المبارک کی ستائیسویں شب میں ہی کرنا ہوگا کہ عمل کرنے والے حضرات روزہ افطاری اور افطاری کے بعد گوشت انڈا مچھلی نہ کھائیں اور عشاء تراویح کے بعد یہ عمل کریں کہ پہلے گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے اور پھر آخر میں بھی گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھیں اور درمیان میں یہ کلمات پڑھیں۔

## سانپ واژدہے کے زہر اتارنے کا مجرب عمل

یہ کلمات 101 مرتبہ پڑھیں ''کہے خدا'' سنو محمدؐ سانپوں میں دس کیسا پکار کہے نبی محمدؐ جہاں

رہے گھر بیٹھا آدم چام لپٹیا من ماتھے لٹکائے ہاک- ماروں دستیر جھڑے نربس کرے خدا-

آپ ان الفاظ وکلمات کو صحیح تلفظ کے ساتھ ہلکی آواز سے پڑھیں پڑھنے کے بعد آپ اس عمل کے عامل ہو گئے ضرورت پر اس طرح استعمال کریں کہ پانی ٹپ میں بھروا کر اس میں یہ کلمات سات مرتبہ پڑھ کر دم کر دیں اور عامل خود اپنے ہاتھوں سے پانی برتن میں لے کر مریض پر زور زور سے مارتا جائے یہاں تک کہ مریض آنکھیں کھولدے انشاء اللہ الشافی اگر مریض کی جان ہونٹوں پر بھی آ گئی ہو گی تو فضل ربی ہو جائے گا انشاء اللہ الکریم والرحیم

## سانپوں سے حفاظت کے لئے کامیاب عمل

کاغذ کے چار عدد ٹکڑوں پر یہ حروف لکھ کر اسی مقام جگہ پر رکھدیں انشاء اللہ الحفیظ حفاظت ہو گی — ۱۸۷۱۱۱۶۱۱ رح ہ ہ ۱۱۱۱۵۱۱۷۵۵ وو۷وواہ بروالم ااح ااا ح ہ ھ ۸سلام علی نوح فی العالمین — اسی کے ساتھ ساتھ چار کیلوں میخوں پر اِنَّهُمْ يَكِيدُونَ كَيْداً وَاَكِيدُ كَيْداً فَمَهِّلِ الْكَافِرِيْنَ اَمْهِلْهُمْ رُوَيْدَا - ۲۱-۲۱ مرتبہ پڑھ کر دم کر کے چاروں کونوں میں ٹھونک دیں- ضروری نوٹ: پاؤ کلو نوشادر کو پانچ کلو پانی میں گھول کر مکان وغیرہ میں بہادیں اور جہاں جہاں سانپوں کے سوراخ ہوں ان میں رائی ڈال کر پانی بھر دیں تمام سانپ مر جائیں گے دیکھنے کو بھی نہیں ملیں گے اس عمل سے کامیابی ہی کامیابی ہو گی- انشاء اللہ تعالیٰ

## جادو سے حفاظت کا عمل

اللہ کے پیارے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جب تمہارے ڈاڑھی کے بال کنگھی یا کھجانے سے گر جائیں تو ان بالوں کو ایسے ہی نہ چھوڑو بلکہ بال کو توڑ دو یعنی بال

کے دو یا تین حصہ کر دو تا کہ دشمن کو تمہارے اوپر دشمنی کرنے کا موقع فراہم نہ ہو (یعنی عام طور پر جادو مکمل بال پر ہی کیا جاتا ہے اور دشمن حاسد ایسے موقع کی تلاش رکھتا ہے بلکہ ناخونوں کو بھی دشمن کی نظروں سے بچا کر ایک کنارے میں ڈال دو۔ یا دفن کر دو۔

## یہ بالکل صحیح واقعہ ہے غور کریں

یہود کا ایک لڑکا حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں رہا کرتا تھا اس لڑکے کو یہودیوں نے اس کے ذریعہ بہکا کر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے بال حاصل کر لئے اور ان بالوں پر جادو کیا جس کی وجہ سے آپ صلی اللہ علیہ وسلم بیمار ہو گئے اور چھ ماہ تک شدید بیمار رہے۔ (واقعہ لمبا ہے) کہنے کا مقصد یہ ہے کہ پھر آپؐ نے وہی بات ارشاد فرمائی جو ہم نے اوپر ذکر کی اور جادو کی علامات تفصیل کے ساتھ اپنی کتاب میں ہم نے ذکر کی ہیں وہیں مطالعہ فرمائیں اور جادو کا مکمل علاج تفصیل کے ساتھ اسی کتاب میں مذکور ہے۔

## مرد کی بندش یا عورت کی کوکھ بندی

مرد عورت کی بندش جس کے آثار میں نے اپنی کتاب (تنہائی کے سبق) میں تحریر کیا ہوں کہ مرد کو جادو کی وجہ سے بندھوا دیا جاتا ہے جس میں حالت یہ ہوتی ہے کہ عین مباشرت کے وقت مرد کے جذبات ڈھیلے ہو جاتے ہیں یا جذبات میں جوش تو ہوتا ہے مگر آلۂ تناسل میں سختی نہیں رہتی ہے یا پھر بغیر کسی بماری کے دخول سے پہلے ہی انزال ہو جاتا ہے اسی طرح عورت کی کوکھ بندی کہ جادو کی وجہ سے اولاد سے محروم ہے تو اس طرح کے بندش کو کاٹنے کے لئے مخصوص علاج کے واسطے ضرورت مند لکھیں یا ملیں شوہر اور ماں کا نام بیوی اور اس کی ماں کا نام ضروری لکھنا چاہیے تا کہ علاج میں بھرپور فیض حاصل ہو۔ اور آسانی ہو۔

Scanned by CamScanner

# ہر بیماری سے شفا کے لئے درود شریف

اس درود شریف کی کثرت کرنے سے ہر بیماری سے شفا ونجات حاصل ہوئی ہے ترجمہ: سمجھتے ہوئے کثرت سے پڑھیں درود شریف یہ ہے **اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَعَلٰی آلِ مُحَمَّدٍ بِعَدَدِکُلِّ دَاءٍ وَدَوَاءٍ صلی اللہ علیہ وسلم** -ترجمہ: یہ ہے اے اللہ! محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور ان کی اولاد پر اتنی رحمتیں درود بھیج جتنی تو نے بیماریاں اور دوائیاں پیدا کی ہیں -ہر مریض لاعلاج بیمار شخص اس درود شریف کو خوب کثرت سے پڑھئے کثرت کا مطلب یہ ہے کہ دن میں کم سے کم ۳۱۳ مرتبہ پڑھنا ہے- انشاء اللہ الشافی ہر مرض میں نفع ہوگا اور شافی مطلق شفاء بخشے گا-

# بیماری کی تکلیف سے اگر زندگی بری معلوم ہو

اگر کسی ایسی شدید بیماری میں مبتلا ہوں کہ جینے سے مرنا اچھا لگے کہ زندگی سے نفرت ہو جائے اور موت سے رغبت ہو تو ایسے حالات میں ان کلمات مبارک کی کثرت کریں-

**اَللّٰھُمَّ اَحْیِنِیْ مَاکَانَتِ الْحَیٰوۃِ خَیْراً لِّیْ وَتَوَفَّنِیْ اِذَاکَانَتِ الْوَفَاۃُ خَیْراً لِّیْ**

ترجمہ: یہ ہے کہ اے اللہ تو مجھے زندہ رکھ جب تک زندگی میرے لئے اچھی ہو اور موت دے دے جب میرے لئے مرنا اچھا ہو-

**نوٹ**: اس دعا کو ہر سنگین خطرناک بیماری والا شخص خوب پڑھیں فضل شافی ہو جائے گا انشاء اللہ الشافی

# اگر کسی ویرانی میں حیرانی ہو

اگر کسی ایسے ویرانی میں حیرانی پریشانی سرگردانی ہو کہ وہاں کوئی ہم جنس نظر نہ آتا ہو تو بلند آواز سے اس طرح پکارے جیسے کوئی دور کھڑے ہوئے کو بلایا جاتا ہے پکارنے والے الفاظ یہ ہیں-یَاعِبَادَاللہ اَعِیْنُوْنِیْ یَاعِبَادَ اللہِ اَعِیْنُوْنِیْ یَاعِبَادَ اللہِ اَعِیْنُوْنِیْ-

**نوٹ** : ان کلمات کو تین مرتبہ پکارے انشاءاللہ المجیب ضرور اللہ تعالیٰ کوئی نہ کوئی مددگار بھیج دے گا لیکن عقیدہ خراب نہ کرے مدد اللہ تعالیٰ ہی کرتا ہے اور غیب سے انتظام کردے گا مجرب ہے اور اس عمل کو حصن حصین میں بھی ذکر کیا گیا ہے جو کہ مستند و معتبر ہے-

# درختوں میں پھل آنے کے لئے

ان درختوں کے لئے یہ عمل کریں جس میں پہلے پھل آتے تھے اور پھر آنے بند ہوگئے ہوں تو یہ کریں کہ سورۂ فاتحہ الحمد شریف کو عرق گلاب زعفران سے لکھیں اور اِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ کو سات مرتبہ لکھیں اور پھر اس کو پاک پانی میں گھول کر درختوں کی جڑوں میں ڈال دیں انشاءاللہ تعالیٰ اسی سال پھل آجائیں گے-

# گم شدہ کو حاصل کرنے کے لئے

حضرت علامہ جزری رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی کتاب میں روایت کیا ہے کہ اگر کسی کی کوئی چیز گم ہوجائے یا کوئی بچہ فرار ہوجائے تو چاہیے کہ دو رکعت نماز پڑھیں بعد نماز کے یہ دعا پڑھیں-بِسْمِ اللہِ ھَادِیَ الضَّلَالِ وَرَادَّ الضَّآلَّۃِ اُرْدُدْ عَلَیَّ ضَآلَّتِیْ بِعِزَّتِكَ وَسُلْطٰنِكَ فَاِنَّھَا مِنْ عَطَآئِكَ وَفَضْلِكَ -

Scanned by CamScanner

ترجمہ: (میں اس اللہ کا نام لیتا ہوں جو گمراہوں کو ہدایت دیتا ہے اور گم ہونے والی چیز کو واپس کر دیتا ہے اے اللہ تو میری گم شدہ چیز کو میرے پاس واپس کر دے اپنی عزت اور اپنی بادشاہی سے کیونکہ وہ تو تیری ہی عطا عنایت اور تیرا ہی فضل تھا۔

## بھاگے ہوئے کو واپس بلانے کے لئے

اگر کوئی شخص گھر سے بھاگ جائے اور اس کو بلانے کی شدید ضرورت واقع ہو تو یہ عمل کریں کہ عشاء کی نماز کے بعد گھر کے اوپر یا گھرے کے ایسے مقام پر جہاں چھت سایہ نہ ہو تینوں کونوں میں سورۃ یاسین شریف پڑھ کر بتضرع دعا کریں۔ مگر ایک کونے میں جس کا رخ آنے والے دروازے کے قریب ہو یاسین نہ پڑھیں اور سورۃ یاسین شریف سے اول اور بعد تین تین مرتبہ درود شریف پڑھ لیا کریں اور یہ عمل سات دن تک کریں آپ کا بھاگا ہوا شخص اگر زندہ ہوگا تو انشاء اللہ المحیط واپس آ جائے گا۔

## اللہ تعالیٰ کی محبت پیدا کرنے کے لئے دعا

جو مسلمان مرد ہو یا عورت ہر فرض نماز کے بعد پانچ مرتبہ اس دعا مبارک کو پڑھے گا تو اس کے دل میں اللہ تعالیٰ کی محبت پیدا ہو جائے گی اور اتنی محبت حق تعالیٰ ہو جائے گی کہ اس کی راہ میں شہید ہونا محبوب ہو جائے گا اور اللہ تعالیٰ کی محبت میں بھی جان دینا پسندیدہ ہو گا وہ دعاء مبارک یہ ہے **اَللّٰھُمَّ حَرِّقْ قَلْبِیْ بِنَارِ عِشْقِكَ وَارْزُقْنِیْ اِزْدِیَادِ مُحَبَّتِكَ حَتّٰی لَایَبْقِیْ شَیْءٌ غَیْرُكَ**

ترجمہ: اے میرے اللہ میرے دل کو اپنی عشق و محبت کی آگ سے جلا دے اور اپنی محبت اتنی زیادہ کر دے کہ میرے علاوہ کوئی چیز باقی نہ رہے۔

# ہر قسم کے مریض پر دم کرنے کے بہترین کلمات

عامل کو چاہیے کہ کسی بھی قسم کا مریض ہو اور اس پر پڑھ کر دم کرنے کے لئے پہلے ان کلمات کو پڑھیں - سورۃ فاتحہ - آیۃ الکرسی - معوذتین (فلق والناس) اور اس دعاء کو پڑھ کر یا لکھ کر بھی استعمال کریں احادیث شریفہ سے اس کا ثبوت ہے - اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ الَّتِیْ لَا یُجَاوِزُ مِنْ بِرٍّ وَّلَا فَاجِرٍ وَبِاَسْمَاءِ الْحُسْنٰی مَا عَلِمْتُ مِنْهَا وَمَالَمْ اَعْلَمْ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ وَمَا بَرَأَ وَمِنْ شَرِّ مَا یَنْزِلُ مِنَ السَّمَاءِ وَمَا یَعْرُجُ فِیْهِمَا وَمِنْ شَرِّ مَا ذَرَأَ فِی الْاَرْضِ وَمِنْ شَرِّ مَا یَخْرُجُ مِنْهَا وَمِنْ شَرِّ فِتَنِ اللَّیْلِ وَالنَّهَارِ وَمِنْ شَرِّ طَارِقِ اللَّیْلِ وَالنَّهَارِ اِلَّا طَارِقاً یَطْرُقُ بِخَیْرٍ یَارَحْمٰنُ

**ضروری نوٹ**: اس دعا کا ترجمہ کسی اہل علم سے معلوم کریں تو اس دعا کی جامعیت کا پتہ چلے گا میں دعا کا ترجمہ لکھنے سے قاصر ہوں تا کہ کتاب طول نہ پکڑ جائے۔

## نیند نہ آنے پر یہ کلمات پڑھیں

حضرت خالد رضی اللہ عنہ نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے نیند نہ آنے کی شکایت کی کہ مجھے نیند نہیں لگتی تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب اپنے بستر پر جاؤ تو یہ کلمات پڑھو اَللّٰهُمَّ رَبَّ السَّمٰوٰتِ السَّبْعِ وَمَا اَظَلَّتْ وَرَبَّ الْاَرْضِیْنَ وَمَا اَقَلَّتْ وَرَبَّ الشَّیَاطِیْنِ وَمَا اَضَلَّتْ كُنْ لِیْ جَاراً مِنْ شَرِّ خَلْقِكَ كُلِّهِمْ جَمِیْعاً اَنْ یَّفْرُطَ عَلَیَّ اَحَدٌ مِّنْهُمْ وَاَنْ یَّطْغٰی عَزَّ جَارُكَ وَجَلَّ ثَنَاؤُكَ وَلَا اِلٰهَ غَیْرُكَ

Scanned by CamScanner

# بے چینی و رنج و غم کے وقت یہ پڑھیں

لَآاِلٰهَ اِلَّااللّٰهُ الْعَظِيْمُ الْحَلِيْمُ لَآاِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمُ لَآاِلٰهَ اِلَّااللّٰهُ رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ رَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِيْمِ روایت کیا ہے اس کو بخاری و مسلم نے اور روایت کیا ہے ابوداؤد نے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ سے۔

# بخار کے لئے کامیابی نقش

ہر قسم کے بخاروں میں یہ نقش استعمال کرنا چاہیے کہ تین کاغذ کے ٹکڑوں پر لکھیں بِسْمِ اللّٰهِ فَرَّتْ بِسْمِ اللّٰهِ مَرَّتْ بِسْمِ اللّٰهِ قلت اور ایک کاغذ کی گولی سی بنا کر مریض منہ میں ڈالے اور پانی سے نگل جاوے اور صاحب ابن الحاج سے مدخل میں روایت کیا ہے کہ شیخ ابومحمد جرجانی رحمۃ اللہ علیہ بخار کے مریضوں کے لئے ہمیشہ کاغذ پر یہ لکھ کر رکھتے تھے اور جس کو بخار ہوتا تھا اس کو استعمال کراتے تھے اور وہ شافی مطلق کی اجازت سے شفا پاتا تھا شیخ جرجانی والے کلمات یہ ہیں اَزَلِیٌّ لَمْ يَزَلْ وَلَا يُزَالُ يَزِيْلُ الزَّوَال وَهُوَلَايُزَالُ وَلَاحَوْلَ وَلَاقُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَاهُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنِ

# ستّر بلاؤں سے حفاظت کا عمل

حضرت انس بن مالک سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جو کوئی بِسْمِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ دس مرتبہ پڑھے تو گناہوں سے ایسا پاک ہو جائے گا کہ گویا ماں کے پیٹ سے ابھی پیدا ہوا ہے اور دنیا

Scanned by CamScanner

کی 70 بلاؤں سے عافیت میں ہوگا کہ ان میں سے پاگل ہونا جزام ہونا اور کوڑھ کی بیماری اور رنج ان سے حفاظت ہوگی اور ترمذی شریف میں ہے کہ **لاحول ولاقوۃ الا باللہ العلی العظیم** خوب پڑھا کرو اس لئے کہ یہ جنت کا خزانہ ہے- طبرانی کی حدیث ہے کہ لاحول ولاقوۃ الا باللہ ننانوے (۹۹) بیماریوں کی دوا ہے اور ایک دوسری حدیث میں ہے کہ جو **لاحول ولاقوۃ الا باللہ** روزانہ ۱۰۰ مرتبہ پڑھے تو فقر و فاقہ اس کے قریب نہیں آتا اور رزق کی تنگی دور ہوتی ہے اس **لاحول ولاقوۃ الا باللہ** کی بہت خصوصیتیں ہیں جن میں کچھ میری کتاب ''پوشیدہ خزانے'' میں تحریر ہیں اور مزید میں لکھنے سے مجبور ہوں کتاب کے طویل ہونے کی وجہ سے-

## ام الصبیان سے حفاظت

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جس کے یہاں ولادت ہو تو بچہ کے سیدھے کان میں اذان اور بائیں کان میں تکبیر (اقامت) کہے تو اس بچہ کو ام الصبیان کی بیماری سے حفاظت ہوتی ہے اس روایت کو ابن سنی نے ذکر کیا ہے اور میں محمد اشرف امروہوی کہتا ہوں کہ بچہ کے پیدا ہونے کے بعد اذان سیدھے کان میں اقامت بائیں کان پڑھی جائے گی تو وہ کبھی بھی دین اسلام سے پھر نہیں سکتا- دین اسلام کی مہر اس کے دل و دماغ پر چھاپ ہو جاتی ہے اسی لئے کسی دین دار نیک شخصیت سے اذان و اقامت پڑھوائیں-

**نوٹ**: جسمانی علاج کی طرح تعویذات و نقوش بھی روحانی علاج ہے شفا شافی مطلق کے ہاتھ میں ہے- ان تعویذات و نقوش کو بالذات مؤثر نہیں سمجھنا چاہیے بلکہ مثل دوا کے ذریعہ شفاء جاننا چاہیے-

Scanned by CamScanner

# عملیات تعویذات کے بارے میں کچھ معلومات

(۱) تعویذات ونقوش کو مؤثر سمجھ کر نہیں بلکہ مثل دوا وعلاج سمجھتے ہوئے اختیار کریں (۲) تعویذات ونقوش حلال جائز کے لئے کریں ہرگز حرام کے لئے نہ کریں (۳) آیات قرآنی کو چلنے پھرنے والی یا بے ادبی کی جگہ مثل قبر میں دفن نہ کریں (۴) تعویذات نقوش میں شرکیہ کلمات بالکل نہ استعمال کریں (۵) اور باوضو پاک وطیب ہو کر لکھیں یا پڑھیں (۶) تعویذات ونقوش لکھتے وقت دنوں و وقتوں کا خیال رکھیں تو اچھا ہے اس کی تفصیل ''پوشیدہ خزانے'' میں تحریر ہے (۷) کسی مہینہ یا دن وقت کو منحوس نہ سمجھیں (۸) عملیات اختیار کرنے سے پہلے عامل بننے کے لئے اجازت لے کر کریں تا کہ بھرپور فیض ہو (۹) جنات کو بلا وجہ جلانے والے اعمال اختیار نہ کریں (۱۰) شدید مجبوری پر فلیتے جس میں نیچے لکھیں (اگر نہ جاویں تو جل جاویں) (۱۱) کسی پر جادو گندہ عمل اختیار کرنے کا خیال بھی نہ لائیں (۱۲) تعویذ مریض کے بدن سے لگنا چاہیے بھروسہ کامل اللہ تعالیٰ کی ہی ذات پر ہو۔ (۱۳) استعمال شدہ تعویذات کسی کنویں یا پاک حفاظت کی جگہ دفن کردیں تا کہ کلمات کی بے ادبی نہ ہو (۱۴) پڑھے لکھے لوگوں کو تعویذات دیں یا نہ دیں مگر نمازوں کا اہتمام کرنے کے ساتھ ساتھ دعاء قرآنی وحدیثی ضرور بتائیں نماز سے بڑھ کر کوئی عمل نہیں ہے (۱۵) بے پردہ عورتوں سے بات نہ کریں بغیر محرم کے بات نہ کریں (۱۶) عامل و مریض صدقہ کا خاص خیال رکھیں کہ مستحق کو دیں (۱۷) عامل علاج سے پہلے اللہ شافی مطلق سے ضرور مدد مانگے (۱۸) عامل فضول گفتگو سے سخت پرہیز کرے ہر وقت کی دعائیں پڑھنے کا خیال رکھے تا کہ عمل میں جان وشان پیدا ہو (۱۹) اس کتاب کے عملیات اختیار کرنے سے پہلے خصوصی اجازت لے پھر کام کرے اور بتائی جانے والی ہدایتوں پر عمل کرے (۲۰) عامل اپنی حفاظت کا بندوبست پہلے

Scanned by CamScanner

کر لے تا کہ نقصان سے حفاظت ہو (۲۱) عامل مریض کی جب جانچ کرے تو مریض کے پاس کوئی تعویذ نہ ہونا چاہیے۔ (۲۲) عامل مریض کی صحیح ہدایات سے روشناس کرائے گمراہ نہ کرے (۲۳) عامل مریض سے کچھ نہ کچھ اپنی محنت کا ضرور لیوے تا کہ اعتقاد ویقین سے علاج کرائے (۲۴) عامل جس مریض مسلمان کا علاج کرے اس کو ہر کھانے پینے کی چیز پر اسم اعظم پڑھتے ہوئے کھائے اسم اعظم (پوشیدہ خزانے) صفحہ 137 پر لکھا ہوں۔

(۲۵) کوئی اگر مشکل پیش آ جائے تو اپنے استاذوں سے مشورہ رہنمائی طلب کرے (۲۶) جنات والے مریضوں کو گیس کی دوا ضرور دیوے اس لئے کہ عام طور پر گیس جب دماغ پر چڑھتا ہے تو کیفیت مجنون کی سی ہو جاتی ہے گیس کی دوا ضرور دیوے میرا خوب تجربہ ہے (۲۷) مریض کو فلیتہ کی ضرورت ہو تو پہلے بدن سے لگنے والا تعویذ حفاظت ضرور استعمال کرائے پھر فلیتہ استعمال کرائے (۲۹) جنات وجادو کے علاج کے درمیان مباشرت سے پرہیز کرایا جائے کہ مریض مباشرت کے عمل سے دور رہے (۳۰) جنات کے مریض علاج کے درمیان شہر سے باہر نہ جائے مجبوراً اگر جائے تو سورج چھپنے سے پہلے گھر مقام پر واپس آ جائے (۳۱) جنات وجادو ونظر بد کے مریضوں کو غسل ضرور کروانا چاہیے ہمیشہ پاک وصاف رہے ناپاک ہرگز نہ رہے۔ (۳۲) مریض کو نمک ونمکین چیزوں کا پرہیز کرانا بہت مفید ہے جیسا کہ "پوشیدہ خزانے" میں بالتفصیل ہے (۳۳) علاج کے درمیان کچا پیاز لہسن مولی بدبو والی چیزیں استعمال کرنے سے بچے (۳۴) مریض علاج کے دوران استغفار ودرود شریف کثرت سے پڑھے (۳۵) گناہ کبیرہ سے حتی الوسع دور رہے (۳۶) جھوٹے برتنوں کو دھو کر یا الٹا کر کے رکھیں (۳۷) شام کو دروازہ کھڑکی بسم اللہ پڑھ کر بند کرے (۳۸) کھلی جگہ بے چھت کی اور درخت کے نیچے غسل نہ کرے (۳۹) علاج کے درمیان قرآن کریم میں سے سورت فاتحہ زیادہ پڑھے چونکہ وہ سورت سورت شافیہ بھی ہے (۴۰) عامل ومریض خلاف شرع کوئی کام نہ کرے۔

Scanned by CamScanner

# انتہائی کامیاب علاج

ہمارے یہاں تمام قسم کے جادو جنات شیطان آسیب بدنظری روحانی جسمانی ہوائی بیماریوں کا علاج گھر مکان دکان وغیرہ کی بندش امانت داری کے ساتھ کی جاتی ہے اس کے علاوہ شادی ورشتوں کا نہ لگنا میاں بیوی کی نا اتفاقی اولاد کی نافرمانی دشمنوں کی دشمنی سے نجات کے لئے، کاروبار کا نہ چلنا، روزگار کی بے برکتی جائز محبت پیدا کرنے کے لئے، ناجائز محبت ختم کرنے کے لئے بھاگئے ہوئے کو واپس بلانے کے لئے جادو کوکھ بندی کی وجہ سے اولاد سے محرومی، زنا بدکاری کاری گندی عادت چھڑانے کے لئے، شیطانی جناتی حملوں سے بچنے کے لئے مرگی کا بہترین مجرب تعویذ وعلاج اور بہت سے مشکلات سے چھٹکارہ پانے کے لئے وقت مقررہ پر ملاقات کریں۔

صبح 8 سے 1 بجے تک | شام 4 سے 8 بجے تک | جمعہ کو تعطیل رہے گی

پتہ: مفتی عامل محمد اشرف آفس 281 بی ڈی اے، لے آؤٹ ایچ ایم، روڈ کراس چرچ اسٹریٹ لنگراج پورم بنگلور-84-فون نمبر 5489093 (080)

ضروری نوٹ: وقت مقررہ پر ہی ملاقات کریں دوسرے وقتوں میں ہرگز نہ آئیں۔

# انتہائی خوشخبری

اس کتاب کے اکثر عملیات وتعویذات ووظائف حضرت بزرگ کامل جنات (جناتوں کے بادشاہ) کے ہیں۔جن کا نام گرامی حضرت علامہ (برہان الدین) مدظلہ العالی ہے۔حضرت نے خود محبت میں میرے پاس آکر اپنے کمالات دکھائے اور اس کتاب کے اکثر عملیات بتائے اندر سے دل چاہتا ہے کہ اس کتاب کا نام (عملیات برہانی) رکھوں مگر اللہ حل المشکلات کی توفیق سے جو نام پہلے رکھا گیا اسی پر اکتفا کرتا ہوں۔اور بس دل سے دعا کرتا ہوں کہ اس کتاب کے عامل حضرات کو بھرپور فیض حاصل ہو اور ان بزرگ جنات کی عمر میں برکت ہو۔اور حل المشکلات سب کی مشکلوں کو حل وآسان فرمائے

آمین یارب العالمین۔فقط

۵۸۱ ۱۱۹۸
محمد اشرف امروہوی

# مصنف کی دوسری اہم کتابیں

(۱) ''تنہائی کے سبق'' یہ کتاب اداب مباشرت سے متعلق بڑی اہم کتاب ہے اس ایک کتاب کا مطالعہ کرنا بہت مفید ثابت ہوگا - ہر بالغ نوجوان کو ضرور اس کتاب سے فائدہ اٹھانا چاہیے جو بھی اس کتاب کا مطالعہ کرے گا وہ جوانی کی تمام غلط کاریوں و برائیوں سے بچنے والا ہو جائے گا اور جو مبتلا ہوگا اس میں بچنے کی طاقت و ہمت پیدا ہو جائے گی اور بہت سی معلومات حاصل ہونگی انشاءاللہ-

(۲) مصنف کی دوسری کتاب کا نام ''پوشیدہ راز'' جو بھی اس کتاب کا مطالعہ کرے گا بہت سی عجیب وغریب معلومات کا حامل ہو جائے گا ہزاروں کی تعداد میں یہ کتاب چھپ کر مقبول عام وخاص ہو چکی ہے اس کی مقبولیت کیوجہ سے اس کتاب کا انگریزی میں ترجمہ ہو کر چھپ چکی ہے اور منظر عام پر آ چکی ہے-اور بہت جلد ہندی زبان میں بھی آنے والی ہے جنسیات سے متعلق ضرور اس کتاب سے فیض اٹھایا جائے اور ضرور ایک نظر ''پوشیدہ راز'' کتاب پر ڈالیں- قیمت :30 روپے ہے-

(۳) مصنف کی تیسری کتاب کا نام ''قرآن کریم کا حافظ بنانے والی'' یہ کتاب حافظوں وقاریوں وطلباء حفظ قرآن کے لئے انتہائی مفید ترین ہے رمضانی حافظ کو میدانی بنانے والی ہے ہر حافظ وقاری کو اس کتاب کے خزانے ذہن نشین رہیں اور اس کتاب میں قرآن کریم کے متشابہات بھی بیان کئے گئے ہیں یہ کتاب دیکھنے سے تعلق رکھتی ہے- قیمت 30 روپے ہے-

(۴) مصنف کی چوتھی کتاب ''تقریر کرنے کے اصول'' یہ کتاب بہت جلد منظر عام پر آنے والی ہے ہر تقریر سیکھنے والے کو اس کتاب سے رہنمائی حاصل ہوگی-اور کامیاب مقرر بنائے گی-

(۵) زیر طبع ہے اور منظر عام پر آنے والی ہے-

خوشخبری ہمارے پاس طب وحکمت کی بہت پرانی کتابیں ہیں جو اس وقت نایاب ہیں ہمارے پاس موجود ہیں فارسی واردو عربی زبان میں ہیں برائے فروخت ہیں حکیم صاحبان کو بہت کم قیمت پر دے دی جائیں گی بذریعہ خطوط یا فون پر بات کریں-

Scanned by CamScanner




Design : KASHIF


فرید بکڈپو (پرائیویٹ) لمٹیڈ

FARID BOOK DEPOT (Pvt.) Ltd.

Rs. 12/-


Scanned by CamScanner